Daily PUBLIC KARACHI

روزنامہ پبلک کراچی

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 12 | منگل 20 اکتوبر 2026ء 07 جمادی الاول 1448ھ 4 صفحات 4 قیمت 5 روپے | شمارہ 209

وزیراعظم کی لائیو سٹاک و ڈیلپمنٹ بورڈ کی تنظیم نو کی ہدایت

لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ میں نجی شعبے کے ماہرین کو شامل کر کے اسے ایک مؤثر اور فعال ادارے میں تبدیل کیا جائے

لائیو سٹاک کے شعبے کی ترقی کیلئے نجی شعبے کو آگے بڑھنا چاہیے، وفاقی حکومت، مویشیوں کے لیے جدید اور موثر ویکسین کی پیداوار کا پلانٹ اپنے وسائل سے قائم کریگی، شہباز شریف

اسلام آباد (انٹرنیشنل رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف نے لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کی تنظیم نو کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ میں نجی شعبے کے ماہرین کو شامل کر کے اسے ایک مؤثر اور فعال ادارے میں تبدیل کیا جائے، لائیو سٹاک کے شعبے کی ترقی کیلئے نجی شعبے کو آگے بڑھنا چاہیے، وفاقی حکومت، مویشیوں کے لیے جدید اور موثر ویکسین کی پیداوار کا قومی سطح کا پلانٹ اپنے وسائل سے قائم کریگی، وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت لائیو سٹاک کے شعبے میں جاری اصلاحات کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس میں وزیر اعظم نے لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کی تنظیم نو کی ہدایت کی لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ پاکستان میں مویشیوں کی افزائش، دودھ اور گوشت کی پیداوار میں اضافے اور لائیو سٹاک کے شعبے کی ترقی کے لیے 2007 میں قائم کیا گیا تھا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ میں نجی شعبے کے ماہرین کو شامل کر کے اسے ایک مؤثر اور فعال ادارے میں تبدیل کیا جائے۔ وزیر اعظم نے لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کی تنظیم نو کا پلان جلد از جلد پیش کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر اعظم (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)



اسلام آباد وزیر اعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مقدس مقامات پر حملے عوام اور عسکری قیادت میں شدید غم و غصہ مسلمانوں کو متحد ہونا ہوگا، ڈی جی ISPR

حرمین کا تحفظ ترجیح

جارحیت پر مکہ الائنس اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئیگا

ترجمان پاک فوج

سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت، حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کیلئے بنیادی اہمیت رکھتا ہے اور اس معاملے پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

سعودیہ کو جس تعاون کی ضرورت ہے، وہ فراہم کیا جا رہا ہے مشرق وسطیٰ تنازع کو مزید پھیلانے سے گریز ضروری، مسائل کا حل صرف مذاکرات میں ہے، انڈیپنڈنٹ عربیہ کو انٹرویو





راولپنڈی (نیوز ایجنسیاں) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کی اولین ترجیح ہے اور سعودی عرب کی خودمختاری و علاقائی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع کے حوالے سے مذاکرات کے ذریعے حل تک پہنچنے پر زور دینا ناگزیر ہے، تاہم مذاکراتی حل میں ناکامی اور فوجی تصادم کی صورت میں مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت قائم اتحاد کا اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئے گا۔ مقدس مقامات پر حملوں پر پاکستانی عوام، سیاسی اور عسکری قیادت میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ عرب میڈیا ادارے انڈیپنڈنٹ عربیہ کو انٹرویو دیتے ہوئے لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان کا موقف واضح اور دوٹوک ہے۔ سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے اور اس معاملے پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا۔ اس مقصد کے لیے جس تعاون کی ضرورت ہے، وہ فراہم کیا جا رہا ہے اور آئندہ بھی کیا جاتا رہے گا۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ مشرق وسطیٰ کے تنازع کو مزید پھیلانا ناقابل قبول اور کشیدگی میں اضافہ کرنا کسی بھی ملک کے مفاد (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد وزیر اعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

طبی سہولیات کیلئے بند منصوبے میں مرکزی اہمیت دینا ہوگی، بلاول بھٹو

بریسٹ کینسر کی بروقت تشخیص اور علاج تک رسائی خواتین کی زندگیاں بچانے کیلئے ناگزیر ہے، پیپر مین پیپلز پارٹی

خواتین کو اس مرض سے متعلق درست معلومات، بروقت تشخیص اور معیاری علاج کی سہولیات فراہم کرنا قومی ذمہ داری ہے



اسلام آباد/کراچی/لاہور/کوئٹہ/پشاور (انٹرنیشنل رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ بریسٹ کینسر کی بروقت تشخیص اور علاج تک رسائی خواتین کی زندگیاں بچانے کیلئے ناگزیر ہے، خواتین کو اس مرض سے متعلق درست معلومات، بروقت تشخیص اور معیاری علاج کی سہولیات فراہم کرنا قومی ذمہ داری ہے، میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ خواتین کو بریسٹ کینسر کے بروقت معائنے کی ترغیب دینے کے ساتھ یہ سوال بھی سامنے رکھنا ہوگا کہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

راولپنڈی، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری عرب ٹی وی کو انٹرویو دے رہے ہیں

وفاقی وزارت تعلیم اور گوتھ AI میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط

مفت پریمیم سبسکرپشنز کا اعلان

گوتھ اے آئی کے ساتھ یہ شراکت داری پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اہم کردار ادا کرے گی، شہباز شریف

حکومت نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور جدید ٹیکنالوجی سے مستفید کرنے کیلئے پر عزم تمام وسائل فراہم کیے جائینگے، وزیر اعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزارت تعلیم اور گوتھ اے آئی کے درمیان مفاہمتی یادداشت طے پا گئی ہے جس میں گوتھ اے آئی نے پاکستانی اساتذہ، کھلے چار ہزار فری پریمیم سبسکرپشنز فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ پاکستان میں تعلیم کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کے استعمال اور جدید تعلیمی سہولتوں کے فروغ کے لیے وفاقی وزارت تعلیم اور گوتھ اے آئی کے درمیان مفاہمتی یادداشت طے پا گئی ہے جس کے تحت گوتھ اے آئی نے پاکستانی اساتذہ، طلبہ اور تعلیمی اداروں کو جدید اے آئی ٹولز تک مفت رسائی دینے کا اعلان کیا ہے۔ وزارت تعلیم اور گوتھ اے آئی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب منعقدہ ہوئی۔ جس میں وزیر اعظم شہباز شریف نے ضوبی شرکت کی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور جدید ٹیکنالوجی سے مستفید کرنے کے لیے پر عزم ہے، طلبہ کی تعلیم اور سہولیتوں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

پنجاب کابینہ حکومت آزاد کشمیر کو 15 کلینک آن ویلز گاڑیاں عطیہ کرنے کی منظوری دیدی

پیوٹ پروگرام پیش

ایکسپورٹ پروگرام سکیم فیچرز منظور، پنجاب میں 1995 ارب سرمایہ کاری، 1089 حکومتی، 906 ارب پرائیویٹ سرمایہ کاری متوقع، 1 لاکھ 62 ہزار سے زائد افراد کیلئے روزگار کے مواقع

کلینک کو 6 کلینک آن ویلز گاڑیوں میں طبی آلات کو شامل کرنے کیلئے درکار واجبات دائیگی کا حکم، سپیشل ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن واجبات کیلئے فنڈز منظور

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت پنجاب کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں دہشت گردوں کیخلاف کارروائی میں جام شہادت نوش کرنیوالے افسروں اور جوانوں کے درجات کی بلندی کی دعا کی۔ اجلاس میں سینئر ممبر مریم اورنگزیب کی خوشامن کے ایصال ثواب کیلئے دعائے مغفرت بھی کی گئی۔ سوہنی کابینہ نے صنعتی ترقی اور ایکسپورٹ پروگرام سکیم کے فیچرز کی منظوری دے دی ہے۔ سوہنی کابینہ کے اجلاس میں سینئر ممبر مریم اورنگزیب نے پنجاب میں ایکسپورٹ پروگرام متعارف کرانے کی تجویز پیش کی۔ ایکسپورٹ پروگرام کے تحت 1995 ارب روپے کی سرمایہ کاری متوقع ہے۔ پروگرام میں انڈسٹریل انفراسٹرکچر اور کلسٹر ڈویلپمنٹ، مسابقتی ایکسپورٹ، ویلیو چین ڈائنامزمیشن، زراعت اور (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

بیرون ممالک کی جیلوں میں 21 ہزار پاکستانیوں کے قید ہونے کا انکشاف

سب سے زیادہ 10745 پاکستانی سعودی عرب میں قید ہیں، امریکا، ترکیہ، برطانیہ اور دیگر ممالک کی جیلوں میں بھی پاکستانی قید

کرغستان میں 91، عراق میں 81، افغانستان میں 91، بحرین میں 218 اور آسٹریلیا میں 27 پاکستانی قیدی جیلوں میں قید ہیں

اسلام آباد (انٹرنیشنل رپورٹر) وزارت خارجہ کی پیش کردہ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ 21 ہزار 647 پاکستانی 71 ممالک کی جیلوں میں مختلف جرائم میں ملوث ہونے کی وجہ سے قید ہیں۔ وزارت خارجہ کے مطابق 13000 سے زائد قیدیوں کا ٹرائل بیرون ملک عدالتوں میں جاری ہے۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ بیرون ملک قید میں انکشاف کیا ہے گیا کہ بیرون ملک 21 ہزار 647 پاکستانیوں میں سے 8 ہزار 569 کو سزائیں سنائی جا چکی ہیں۔ وزارت خارجہ کے مطابق 13000 سے زائد قیدیوں کا ٹرائل بیرون ملک عدالتوں میں جاری ہے۔ رپورٹ کے مطابق سب سے زیادہ 10745 پاکستانی سعودی عرب میں قید ہیں جبکہ متحدہ عرب امارات کی جیلوں میں 5297، (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 11) پاکستانی ظلیات کرکسی اور انسانی سمگلنگ جعل سازی سمیت دیگر جرائم میں ملوث ہونے کی وجہ سے جیلوں میں ہیں۔ رپورٹ کے مطابق سب سے زیادہ 10745 پاکستانی سعودی عرب میں قید ہیں جبکہ متحدہ عرب امارات کی جیلوں میں 5297، (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

بلوچستان ہیلتھ کیئر (نارتھ) نے ماہ ستمبر 2026 کے دوران بلوچستان کے دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں میں 63 فری میڈیکل کیمپس کا کامیاب انعقاد کیا۔ ان کیمپس کے ذریعے 150,8 مریضوں کا مفت طبی معائنہ و علاج کیا گیا اور ضروری ادویات فراہم کی گئیں، جبکہ بچوں، خواتین اور بزرگ شہریوں کی صحت پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے مقامی آبادی کو صحت سے متعلق ضروری آگاہی بھی فراہم کی گئی۔

بلوچستان سیکیورٹی فورسز کی کارروائی، 4 دہشتگرد ہلاک، میجر شہید

کلیئرنس آپریشنز جاری رہیں گے، صدر، وزیر اعظم کا وطن کے دفاع کیلئے میجر وجاہت وحید کی قربانی کو خراج عقیدت

میجر وجاہت امن کیلئے جان نچھاور کر کے امر ہو گئے، شہدا کے لہو کا ہر قطرہ وطن کے تحفظ کی ضمانت ہے، وزیر داخلہ

راولپنڈی (آئی این پی) بلوچستان سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے مختلف علاقوں اور گوادر میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ پاک فوج کے بہادر وجاہت وحید شہید ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 18 اکتوبر کو تحلات کے علاقے جنگ آباد میں انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشن کیا گیا جس میں 4 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ کارروائی کے دوران اغلے اور گولہ بارود کی بڑی تعداد بھی برآمد کی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے بتایا ہے کہ بلوچستان سیکیورٹی فورسز نے گوادر کے علاقے جنگ آباد میں انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشن کیا گیا جس میں 4 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ کارروائی کے دوران اغلے اور گولہ بارود کی بڑی تعداد بھی برآمد کی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے بتایا ہے کہ



ڈی جی خان، وزیر توانائی سردار اویس لغاری ایئر پورٹ توسیعی منصوبے میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

چوہدری عزیز مرحوم معاملہ فہم شخصیت کے مالک تھے، اعجاز کھٹانہ

مہاجرین کے مسائل کے حل اور تعمیر و ترقی کے لیے بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مہاجر کیمپ قادر آباد کے صدر چوہدری عبد الوحید، سابق امیدوار قانون ساز اسمبلی حلقہ شرقی باغ چوہدری اعجاز احمد کھٹانہ نے کہا ہے کہ چوہدار مہاجر کیمپ قادر آباد چوہدری محمد عزیز مرحوم انتہائی نیک، ہمدرد، دلیر، جرات مند اور معاملہ فہم شخصیت کے مالک تھے۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی مہاجرین اور انصاری برادری کی خدمت کرتے ہوئے گزاری اور مہاجرین کے مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر بھرپور آواز بلند کی۔ ان کی وفات سے نہ صرف مہاجر کیمپ قادر آباد بلکہ تمام مہاجرین ایک مخلص اور ہمدرد شخصیت سے محروم ہو گئے ہیں۔ جن کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مہاجر کیمپ قادر آباد میں چوہدری محمد عزیز مرحوم کے تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے تعزیتی ریفرنس سے صدر مہاجر کیمپ قادر آباد چوہدری محمد صدیق محمد لطیف لون، ڈسٹرکٹ کونسلر چو (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

پی ٹی اے نے سائبر سیکیورٹی کیلئے جامع ایڈوائزری جاری کر دی

شہری مشکوک لنکس، آن لائن ٹرانزیکشنز، غیر مصدقہ مواد بارے محتاط رہیں، ہدایت

اسلام آباد (انٹرنیشنل رپورٹر) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے ملک میں ایک محفوظ، بااعتماد اور مستحکم سائبر اسپیس کے قیام کے لئے قومی سطح پر سائبر سکیورٹی آگاہی ہفتہ 2026 کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے، 23 اکتوبر 2026 تک جاری رہنے والی اس آگاہی مہم کے تحت پی ٹی اے نے عوام کو صرف مصدقہ ذرائع (اے آئی) کے ذریعے تیار کردہ ڈیپ فیک مواد بلکہ آن لائن مالیاتی فراڈ اور ڈیجیٹل اسکیموں کے خلاف بھی احتیاط برتنے کی سخت ہدایت جاری کی ہے۔ پی ٹی اے کی جاری کردہ ہدایات میں شہریوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ اپنے ڈیجیٹل اور مالیاتی معاملات کو محفوظ بنانے کیلئے ذاتی معلومات کے تحفظ کو ترجیح دیں اور کسی بھی مشکوک لنک پر کلک کرنے سے پہلے سو بار سوچیں۔ اتھارٹی کے مطابق محفوظ اور مستحکم (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)



دوشنبہ: وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کی کونسل آف ہیڈز آف گورنمنٹ (CHG) اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کے لیے دوشنبہ جا پاکستان پہنچ گئے

اسٹالٹ اور کارپٹنگ کا کام فنڈز کی ادائیگی کے بعد دوبارہ شروع

فنڈز کی ادائیگی کے بعد سڑک کی تعمیر کا کام دوبارہ شروع کیا گیا ہے

تاؤکال (سٹی رپورٹر) فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث تعطل کا شکار ڈھاب پڈی چوک تا پک نورنگ روڈ کی اسفالٹ اور کارپٹنگ کا کام فنڈز کی ادائیگی کے بعد دوبارہ شروع ہوگیا۔ پارلیمانی سیکرٹری و ضلعی صدر مسلم لیگ (ن) چوہدری سلطان حمید کی کاوشوں سے فنڈز کی ادائیگی کے بعد سڑک کی تعمیر کا کام دوبارہ شروع کیا گیا ہے جس سے علاقے کے مکینوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ سڑک کے کام کی تکمیل تک پانی کی فراہمی معطل رہے گی۔ ٹھیکیدار کمپنی کو ہدایت کی گئی ہے کہ کام کی تکمیل، وقت اور معیار کو یقینی بنانے کے لیے مسلم لیگ (ن) کے رہنما چوہدری شیراز امین کی زیر نگرانی کمیٹی تشکیل دی جائے۔ مکینوں کی شکایات کو دور کرنے کے لیے ایک شکایت سیل بھی قائم کیا جائے تاکہ منصوبے کو بہتر انداز میں پایۂ تکمیل تک پہنچایا جا سکے۔ سڑک کے کام کی بحالی کے بعد اس منصوبے کے حوالے سے گردش کرنے والی مختلف افواہوں کا بھی خاتمہ ہوگیا جو کہ چند سوشل میڈیا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)



اسلام آباد وفاقی وزیر اطلاعات تنویر حسین ابڑاس کی صدارت کر رہے ہیں

رواں سال پولیو کا ساتواں کیس کراچی سے رپورٹ

5 خیبر پختونخوا اور 2 سندھ سے رپورٹ ہوئے، نیشنل ای سی او

کراچی (انٹرنیشنل رپورٹر) سندھ کے ضلع کراچی شرقی سے پولیو کا ایک نیا کیس رپورٹ ہوا ہے جس کے بعد سال 2026ء میں اب تک پولیو کیسز کی مجموعی تعداد سات ہوگئی۔ نیشنل ای او کی کے مطابق رواں سال، رپورٹ سات پولیو کیسز میں سے پانچ خیبر پختونخوا اور دو سندھ سے رپورٹ ہوئے، کراچی میں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

شریف کے زیر استعمال گاڑیوں کو نقصان پہنچانے کی ویڈیو سامنے آگئی

لندن (انٹرنیشنل رپورٹر) لندن میں سابق وزیر اعظم نواز شریف کے زیر استعمال گاڑیوں کو نقصان پہنچانے کی ویڈیو سامنے آگئی۔ مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کے راہنما لرم بٹ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لندن میں سابق وزیر اعظم نواز شریف کے زیر استعمال گاڑیوں کو نقصان پہنچانے کی ویڈیو شیئر کی جس کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے راہنما



اداریتی صفحہ

مشرق وسطیٰ کی سنگین صورتحال اور عالمی طاقتیں

مشرق وسطیٰ کی صورت حال تاحال سنگین ہے۔ یمن کی حوثی ملیشیا سعودی عرب کو نشانہ بنا رہی ہے جبکہ اگلے روز سعودی فوجی اتحاد نے دعویٰ کیا ہے کہ حوثیوں نے ریاض اور نجران، الخرج میں تین املاک کو نشانہ بنانے کی کوشش کی، انھیں ناکام بنا دیا گیا ہے۔ یوں دیکھا جائے تو معاملات خاصے گمبھیر نظر آ رہے ہیں۔

ایران اور امریکا کے درمیان بھی تاحال کشیدگی برقرار ہے۔ یہاں بھی جنگ کے امکانات کو ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ادھر پاکستان کے وزیر خارجہ نے اگلے روز اپنی ہفتہ وار بریفنگ میں واضح کیا ہے کہ پاکستان مکہ مشرکہ دفاعی معاہدے کی اپنی ذمے داریاں پوری کرے گا۔

پاکستان اس معاہدے کا رکن ہے اور عملی طور پر اس میں شامل ہے۔ وزیر خارجہ کے ترجمان نے یمن کے حوالے سے کیے گئے سوال کے جواب میں واضح کیا کہ پاکستان کا موقف مستقل اور واضح ہے۔ تاہم صرف بات چیت کے ذریعے ہی حل ہو سکتا ہے۔

پاکستان چاہتا ہے کہ علاقائی تنازعات پر امن طریقے سے حل ہوں۔ ادھر وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف سے پاکستان میں نئے تعینات ہونے والے سعودی سفیر ڈاکٹر رامع تمامی نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ملاقات کی ہے۔ میڈیا کے مطابق وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب کی خود مختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے سعودی قیادت اور عوام کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔

وزیر اعظم نے سعودی عرب کے خلاف یمن کی حوثی ملیشیا کے حملوں میں حالیہ اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ان حملوں کے نتیجے میں پاکستانی شہری سمیت قیمتی جانیں ضایع اور متعدد بے گناہ افراد زخمی ہوئے ہیں۔

پاکستان اور سعودی عرب ہمیشہ ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں۔ اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدہ اور مکہ مشرکہ دفاعی اتحاد دونوں ممالک کے درپیرادارادہ تعلقات میں تاریخی سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں اور یہ علاقائی امن وسلامتی کے لیے ان کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔

پاکستان اور سعودی عرب کے باہمی تعلقات کے بارے میں کچھ کہنے کی ضرورت اس لیے نہیں ہے کہ اس سے پوری دنیا آگاہ ہے۔ سعودی عرب نے ہر مشکل موقع پر پاکستان کی مدد کی ہے اور ہر عالمی فورم پر پاکستان کے مؤقف کی حمایت کی ہے۔

ادھر پاکستان نے بھی سعودی عرب کے ساتھ تعلقات کو اولین ترجیح میں رکھا ہے۔ مکہ معاہدہ کے تحت صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ دیگر بھی سعودی عرب کے ساتھ تعاون کرے گا۔ پاکستان کا یمن کے تنازع کے بارے میں یہ موقف بھی واضح ہے کہ اس کا مذاکرات کے ذریعے حل کیا جانا چاہیے لیکن جس انداز میں حوثی ملیشیا سعودی عرب پر حملے کر رہی ہے اور نجران کے عالمی تجارتی روٹ کو متاثر کر رہی ہے، اس کے حوالے سے بھی پاکستان کا مؤقف واضح ہے۔

پاکستان سعودی عرب کا ساتھ دے گا۔ عالمی اور علاقی میڈیا نے بتایا ہے کہ سعودی فوجی اتحاد نے حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض، یانبع اور نجران کی جانب داغے گئے میزائل اور ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔

سعودی فوجی اتحاد کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے جمعہ کو پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حوثیوں نے اگلے روز مختلف علاقوں اور نجران، الخرج اور یانبع پر فضائی املاک کو نشانہ بنانے کی کوشش کی جسے ناکام بنا دیا گیا ہے۔ جنوبی علاقے اور ریاض رہیگن میں تین ڈرون مار گرائے گئے ہیں جبکہ نجران، الخرج اور یانبع کو 2 میزائل حملے بھی کیے گئے۔ یانبع کی جانب داغا گیا میزائل بھی بروقت روک کر تباہ کر دیا گیا۔

نجران، الخرج عالمی تجارتی راستہ ہے۔ حوثی مرحلے سے نجران، الخرج سے گزرنے والے مختلف قسم کے بحری جہازوں کو نشانہ بناتے رہے ہیں۔ ماضی میں بھی وہ سعودی عرب پر کئی حملے کر چکے ہیں لیکن حالیہ دنوں میں ان حملوں میں شدت آ گئی ہے اور وہ باقاعدگی سے سعودی عرب کے شہروں کو اور سعودی عرب کے دفاعی اہداف کو نشانہ بنا رہے ہیں۔

حوثیوں کے ترجمان یحییٰ سریع کا بھی کہنا ہے کہ انھوں نے جمعہ کی علی الصبح وسطی یمن کے صوبہ مارب کی فضاؤں میں ایک سعودی جاسوس ڈرون، ونگ لونگ ٹو مار گرایا ہے۔ ایسے حالات میں جنگ کا دائرہ پھیلنے کا خطرہ ہے۔

ایران کی صورت حال کی وجہ سے آبنائے ہرمز کے حالات بھی خراب ہیں۔ اب بھی یا تو ایران کا بیڑا ہے یا جہازوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایران اور امریکا کے درمیان باقاعدہ جنگ بندی کرانے کی کوششیں تاحال کامیابی سے ہمکنار نہیں ہو سکیں۔

جمہوری جہدو جہد کو سبوتاژ کرنے کی کوشش



اکتوبر کا مہینہ جیسے ہی شروع ہوتا ہے ہر جمہوریت پسند اور محب وطن پر تناؤ ہو جاتا ہے۔ 18 اکتوبر کو ملک کی سب سے بڑی جمہوری پارٹی پیپلز پارٹی کو دیوار سے لگانے کی ناکام کوشش کی گئی۔ جیسے ہی محترمہ بے نظیر بھٹو نے وطن کی واپسی کے بعد کراچی میں قدم رکھا تو ملک دشمن عناصر متحرک ہو گئے۔ محترمہ کو ان دشمنوں کی سازشوں کی خبر بھی دی گئی مگر محترمہ نے عوام میں ہی جانا پسند کیا مگر جیسے ہی وہ عوام کے سمندر میں پہنچی تو خودکش حملہ آوروں سے اپنا کام شروع کر دیا جس کے نتیجے میں سیکڑوں افراد لقمہ اجل بن گئے۔

جب ملک دشمن عناصر نے کراچی جیسے شہر جسے روشنیوں کا شہر کہا جاتا ہے بے گناہوں کا خون سے نہلا دیا ان ملک دشمن عناصر کی سوچ انتہائی سطحی اور پست تھی ان قاتلوں کا خیال تھا کہ ہر جرم و دہشت گردی سے بے نظیر بھٹو کے مشن کو روکا جا سکتا ہے مگر ایسا نہ ہو سکا ان بے گناہوں کے

بقیہ 1

نے لائیو سٹاک کے لیے خصوصی بونڈڈ ویئر ہاؤسز میں لائے گئے درآمد شدہ مویشیوں کو ویلیو ایڈیشن کے عمل میں لانے کی ہدایت کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ درآمد شدہ مویشیوں سے بذریعہ ویلیو ایڈیشن گوشت اور دودھ کی مصنوعات برآمد کی جائیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ لائیو سٹاک کے شعبے کی ترقی کے لئے اس شعبے کو آگے بڑھنا چاہیے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وفاقی حکومت، مویشیوں کے لیے جدید اور موثر ویکسین کی پیداوار کا قومی سطح کا پلانٹ اپنے وسائل سے قائم کرے گی۔ وزیر اعظم نے نیشنل ایگریکلچرل ریسرچ سینٹر میں مویشیوں کی ویکسین کا پلانٹ قائم کرنے کے حوالے سے حکمت عملی ایک ہفتے کے اندر پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں وزیر اعظم کو لائیو سٹاک کے شعبے میں اصلاحات اور اس شعبے سے منسلک برآمدات میں اضافے کے لیے اقدامات کی پیشرفت پر بریفنگ دی گئی۔ بتایا گیا کہ مذبح خانوں کے تھرڈ پارٹی آڈٹ کا عمل شروع ہو چکا ہے، پاکستان میں مویشیوں کے لئے دستیاب ویکسین DRAP سے منظور شدہ نہیں اس لئے ملک میں مویشیوں کے لیے بیرونی وبائی ویکسین کی پیداوار کے حوالے سے اقدامات لیے جا رہے ہیں۔ بتایا گیا کہ درآمد کئے جانے والے مویشیوں کے لیے خصوصی بونڈڈ ویئر ہاؤسز کے قیام کے حوالے سے اقدامات لیے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں وفاقی وزراء رانا تنویر حسین، احسن اقبال، اعظم نذیر تارڑ، ڈاکٹر مصدق مسعود ملک، احد خان چیمہ، جام کمال خان، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران شریک تھے۔

بقیہ 2

وہ معائنہ کہاں کروائیں اور علاج کے اخراجات کیسے برداشت کریں، آگاہی کی کوششوں کا حقیقی مقصد اسی وقت پورا ہوگا جب طبی مدد حاصل کرنے کا فیصلہ کرنے والی خاتون کو قابل رسائی سہولت بھی میسر ہو۔ بریسٹ کینسر سے آگاہی کے دن کے موقع پر اپنے پیغام میں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ کسی خاتون کی بروقت تشخیص اور علاج کا انحصار اس بات پر نہیں ہونا چاہیے کہ وہ کس علاقے میں رہتی ہے یا اس کے پاس کتنے وسائل ہیں، دوردراز علاقوں اور کم آمدنی والے گھرانوں کی خواتین کی ضروریات کو طبی سہولیات کی منصوبہ بندی میں مرکزی اہمیت دینا ہوگی۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ خواتین اکثر گھر اور خاندان کی ذمہ داریوں کے درمیان اپنی صحت کو موخر کرتی رہتی ہیں، گھر والوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان کی صحت سے متعلق تشویش کو سنجیدگی سے سنیں اور ڈاکٹر تک پہنچنے، ضروری معائنے کروانے اور علاج جاری رکھنے میں مکمل تعاون کریں، کسی خاتون کو اپنی تکلیف بتانے یا طبی مدد مانگنے میں جھجک محسوس نہیں ہونی چاہیے۔ پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے خواتین سے اپیل کی کہ وہ کسی غیر معمولی تبدیلی کو نظرانداز نہ کریں اور مستند ڈاکٹر سے مشورہ لینے میں تاخیر نہ کریں، انہوں نے کہا کہ بروقت تشخیص اور مناسب علاج سے صحت یابی کے امکانات بہتر ہوسکتے ہیں، اس لیے خوف یا غیر مصدقہ معلومات کی بنیاد پر طبی مشورہ موخر نہ کیا جائے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے متعلقہ اداروں پر زور دیا کہ آگاہی مہمات میں خواتین کو یہ بھی بتایا جائے کہ معائنے کی سہولت کہاں دستیاب ہے اور مزید تشخیص یا علاج کی ضرورت پڑنے پر کس مرکز سے رجوع کرنا چاہیے، انہوں نے کہا کہ لیڈی ہیلتھ ورکرز، طبی عملہ اور میڈیا اس رہنمائی کو خواتین تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بریسٹ کینسر سے متاثرہ خواتین سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ علاج کے ہر مرحلے میں ان کی عزت نفس، رازداری اور ضروریات کا خیال رکھا جانا چاہیے، انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہونی چاہیے کہ صحت کے بارے میں اٹھایا گیا کوئی سوال جھجک کی وجہ سے دب نہ جائے اور علاج کی جانب بڑھایا گیا کوئی قدم وسائل کی کمی کے باعث رک نہ جائے۔

بقیہ 3

میں نہیں۔ تنازعات کو بڑھانے سے کسی ملک کو فائدہ نہیں پہنچے گا، اس لیے مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے۔ تاہم مذاکراتی کوششیں ناکام ہونے اور فوجی تصادم کی صورت میں کثیر ملکی اتحاد کا دفاعی ڈھانچہ حرکت میں آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاع سمیت مختلف شعبوں میں تعاون اور رابطے مشترکہ دفاعی معاہدے کے قیام سے پہلے بھی جاری تھے اور مستقبل میں بھی برقرار رہیں گے۔ ان کے مطابق پاکستان کا سعودی عرب کے ساتھ تعاون ایک طویل عرصے پر محیط ہے اور حرمین شریفین کے تحفظ کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے مشترکہ دفاعی معاہدے کے مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی پر یقین رکھتے ہیں۔ اس اتحاد کا کوئی جارحانہ ارادہ نہیں اور نہ ہی یہ کسی مخصوص ملک کے خلاف قائم کیا گیا ہے، بلکہ اس کا بنیادی مقصد خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دفاعی اتحاد کے دروازے ان تمام ممالک کے لیے کھلے ہیں جو مشترکہ دفاع اور خطے میں امن و استحکام پر یقین رکھتے ہیں۔ کہ دفاعی اتحاد کا مقصد کسی تنازع کو ہوا دینا نہیں بلکہ مشترکہ سلامتی کو مضبوط بنانا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان کا پیغام سیاسی قیادت اور فیلڈ مارشل کے ذریعے پہلے ہی واضح کیا جا چکا ہے۔ خطے میں کشیدگی کم کرنے اور امن کے قیام کے لیے مذاکرات کو ترجیح دینا ضروری ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ مسلمانوں کو ایک دوسرے کے خلاف لڑنے کے بجائے متحد ہونے کی ضرورت ہے تاکہ خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کو فروغ دیا جا سکے

بقیہ 4

ر لائیو سٹاک میں ای میکانائزیشن اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کو شامل کیا گیا ہے۔ بجٹ پروگرام کے ذریعے پنجاب میں 1995 بلین کی سرمایہ کاری جس میں 1089 ارب حکومتی اور 906 ارب پرائیویٹ سرمایہ کاری متوقع ہے۔ بجٹ پروگرام سے ایک لاکھ 62 ہزار سے زائد افراد کیلئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ اجلاس کو بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ بجٹ میں موجودہ انڈسٹری کی سہولت کاری اور کلسٹر انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ، ای بز، ای کامرس، کارجنس، پیک اینڈ پلے، لیدر اینڈ فٹ ویئر، سپورٹس گڈز کی ٹیسٹنگ اور سرٹیفکیشن شامل کی گئی ہے۔ کٹلری اور ہاتھ سے بنے ٹول کے ساتھ سرامک، فین انڈسٹری کے لئے سینٹرل ٹیسٹنگ لیب بھی بجٹ پروگرام میں شامل کی گئی جبکہ ہارٹی کلچر اور فلوری کلچر کیلئے ایکسپورٹ فائنانسنگ بھی کی جائے گی۔ سٹرس آئل اور جیکو ویلیو ایڈیشن، ٹورازم اور ایکوا فارمنگ بھی بجٹ کا حصہ ہوں گے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ سرگودھا، خانیوال، اوکاڑہ اور بھکر میں ایگریکلچر پراسیسنگ پارک بنیں گے۔ ویٹ ویلیو انہانسمنٹ، میٹ اور ملک ویلیو چین، ڈومیسٹک اور گلوبل ضروریات کیلئے سکلڈ ڈویلپمنٹ بھی بجٹ میں شامل ہوں گے۔ اجلاس میں 20 اضلاع میں ہارٹی کلچر اتھارٹی کے قیام کی منظوری دی گئی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر ضلع میں پی ایچ اے بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اجلاس میں چیف منسٹر پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام ہائی پاور فیز 5 کیلئے سبسڈی کی منظوری دی گئی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ چیف منسٹر گرین ٹریکٹر پروگرام کیلئے ڈھائی لاکھ سے زیادہ درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ صوبائی کابینہ نے گرین ٹریکٹر سکیم کی رجسٹریشن پر لیٹ فیس کی معافی کی منظوری دے دی ہے۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ 10 ہزار ٹریکٹرز پر 9.5 ارب روپے سبسڈی حکومت پنجاب ادا کرے گی۔ 20 سال میں 10 ہزار ٹریکٹرز اور صرف ڈھائی سال میں 44 ہزار ٹریکٹر دیئے جا رہے ہیں۔ 20 سال میں میکانائزیشن پر 3 ارب اور ڈھائی سال میں 15 ارب روپے خرچ ہوئے ہیں۔ 25 ہزار ٹریکٹر کاشتکاروں کے پاس پہنچ چکے ہیں۔ اجلاس میں تھل میں ایگری کلچر ٹرانسفارمیشن پراجیکٹ کیلئے سبسڈی کی منظوری دی گئی۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ منکیرہ اور لیہ میں 10 ہزار ایکڑ زرعی اراضی پر ڈرپ ایریگیشن، سولر پاور، واٹر سٹوریج اور دیگر سہولتوں کیلئے 6.7 ارب سبسڈی دی جائے گی۔

بقیہ 5

کو نکھارنے کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کیے جائیں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں طلبہ کو خوراک، رہائش، مفت یونیفارم اور جدید تعلیمی سہولتیں فراہم کی جا رہی ہیں، دانش سکول معیاری تعلیم کے فروغ اور تعلیمی انقلاب لانے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں، دانش سکولوں کی تعمیر میں معیار پر خصوصی توجہ دی جائے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ جدید تدریسی طریقوں کے ذریعے تعلیمی شعبے میں مزید بہتری کے مواقع تلاش کیے جائیں گے، گوتھ اے آئی کی جانب سے پاکستان کے لیے چار ہزار مفت سمسکر پیٹرز کی فراہمی قابل تحسین ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ گوتھ اے آئی کے ساتھ یہ شراکت داری پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اہم کردار ادا کرے گی، جبکہ اس اقدام سے طلبہ، اساتذہ اور نوجوان نسل کے لیے ترقی کے بے شمار مواقع پیدا ہوں گے

بقیہ 6

سکول تعلیمی انقلاب برپا کرنے اور معیاری تعلیم فراہم کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ وہ وزارت تعلیم اور گوتھ اے آئی کے درمیان تعاون کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے گوتھ اے آئی کی جانب سے پاکستان کو ابتدائی طور پر 4 ہزار تعلیمی سمسکر پیٹرز فراہم کرنے کے اعلان کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان میں سے ایک ہزار سمسکر پیٹرز دانش سکول کری، اسلام آباد کے اساتذہ کے لیے مختص کیے جائیں گے۔ وزیر اعظم نے گوتھ اے آئی کی ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ تعاون ترقی، خوشحالی اور باہمی تعلقات کے فروغ کی جانب ایک مثبت پیش رفت ثابت ہوگا اور مستقبل میں جدید تحقیقوں اور ٹیکنالوجیز سے استفادے کے مزید مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے دانش سکول کری کے اساتذہ سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ سکول کے دورے کے دوران ان کی بعض اساتذہ سے ملاقات ہوئی تھی تاہم وہ تمام اساتذہ سے ملاقات کرنا چاہتے ہیں۔ وزیر اعظم نے سکول کے پرنسپل کی تعیناتی کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ انہیں پرنسپل اس لیے منتخب کیا گیا کہ وہ ایک قابل اور شاندار شخصیت ہیں اور دانش سکول کری میں تعلیمی انقلاب لانے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں اور انہیں پورا یقین ہے کہ دانش سکول کے طلبہ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ دانش سکول کری میں طلبہ کو نہ صرف تمام ضروری سہولیات فراہم کی گئی ہیں بلکہ یہ سہولیات اس تعلیمی ڈھانچے سے بھی بہتر ہیں جو انہوں نے پنجاب میں قائم کیا تھا۔ طلبہ سے مخاطب ہوتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں ایک شاندار تعلیمی ادارے میں تعلیم حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا ہے اور اس میں ان کے والدین کی دعاؤں کا بھی اہم کردار ہے۔ سکول میں خوراک، رہائش، بورڈنگ اور لاجنگ، مفت یونیفارم، ای لائبریریوں اور دیگر لیبارٹریوں سمیت تمام ضروری سہولیات موجود ہیں۔ انہوں نے طلبہ کو یقین دلایا کہ ان کی تعلیم اور انہیں بااختیار بنانے کے لیے وسائل کی کوئی کمی نہیں ہونے دی جائے گی اور حکومت ان کے مستقبل کو بہتر بنانے کیلئے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی۔ تقریب میں وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ، چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان، وزیر مملکت وجیہہ قمر، سی ای او گوتھ اے آئی اور پرنسپل دانش سکول کری اسلام آباد سمیت طلبہ اور اساتذہ نے شرکت کی۔

بقیہ 7

ت میں جماعت اسلامی نے لانگ مارچ دوبارہ شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جماعت اسلامی کے ذرائع کے مطابق یہ طے پایا گیا ہے کہ وزیراعظم اور حافظ نعیم کی ملاقات میں واضح ریلیف نہ ملا تو لانگ مارچ ہوگا۔ ذرائع کے مطابق دوبارہ لانگ مارچ کا فیصلہ جماعت اسلامی کی مرکزی قیادت کے اجلاس میں کیا گیا ہے۔ لانگ مارچ اکتوبر کے آخری ہفتے یا نومبر کے پہلے ہفتے میں ہوگا اور واضح ریلیف نہ ملنے کی صورت میں ہی حکومت سے مزید بات چیت ہوگی

بقیہ 8

ترمیمی بل 2026 پیش کیا جبکہ سینیٹر زرقا سہروردی نے قومی تحفظ محفوظ ماحولیاتی انصاف بل 2026 ایوان میں پیش کیا۔ سینیٹر خلیل طاہر نے فیڈرل پروسیکیوشن سروس ترمیمی بل 2026 پیش کیا جبکہ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی جانب سے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن تنظیم نو ترمیمی بل 2026 پیش کیا گیا۔ اجلاس میں سینیٹر زرقا سہروردی اور سینیٹر سرمد علی نے مسلم عائلی قوانین ترمیمی بل 2026 الگ الگ پیش کیے، سینیٹر سرمد علی نے نجی سیکیورٹی گارڈز تحفظ حقوق و فلاح و بہبود بل 2026 بھی ایوان میں پیش کیا۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اسلام آباد انضباط و انسداد قابل قتل سرجیکل بل 2026 پیش کیا جبکہ سینیٹر زرقا سہروردی نے پالیسی تسلسل، معاشی پیش بینی قومی منصوبہ بندی فریم ورک بل 2026 ایوان میں پیش کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے تمام 9 بل مزید غور و خوض کے لیے متعلقہ قائمہ کمیٹیوں کو بھجوا دیے

بقیہ 9

الت نے اپنے اختیار کے بغیر حکم جاری کیا۔ وکیل ریاست علی آزاد نے کہا کہ 12 مارچ 2025ء سے کچھ عرصہ قبل تک کیس ابوالحسنات محمد ذوالقرنین کی عدالت میں زیر سماعت تھا، ذوالفقار علی بھٹو کیس کے فیصلے کے مطابق جس عدالت میں چالان جمع ہو چکا ہو، وہی کیس کی سماعت کرے گی۔ ملزمان کو چالان کی نقول فراہم نہیں کی گئیں اور فرد جرم بھی ان کی ذاتی موجودگی میں پڑھ کر نہیں سنائی گئی۔ انہوں نے موقف اختیار کیا کہ ملزمان کی غیر موجودگی میں کارروائی آگے نہیں بڑھائی جا سکتی، فرد جرم عائد کرتے وقت ملزمان کی ذاتی موجودگی ضروری تھی اور اس معاملے میں جسٹس جواد ایس خواجہ کی پالیسی میکنگ کمیٹی کے فیصلے کی بھی خلاف ورزی کی گئی۔ ریاست علی آزاد نے کہا کہ فرد جرم ٹرائل کی بنیاد ہوتی ہے، اگر بنیاد درست نہ ہو تو اس پر کھڑی ہونے والی ٹرائل کی عمارت غیر قانونی تصور ہوگی۔ انہوں نے عدالت سے استدعا کی کہ ٹرائل روک دیا جائے۔ جسٹس انعام امین منہاس نے استفسار کیا کہ کیا ملزمان کا ٹرائل ویڈیو لنک کے ذریعے ہو رہا ہے؟ وکیل نے بتایا کہ پہلے ویڈیو لنک کے ذریعے کارروائی ہوتی رہی، تاہم گزشتہ سماعت سے جیل ٹرائل شروع ہو گیا ہے۔ فرد جرم پر دستخطوں سے متعلق سوال پر ریاست علی آزاد نے کہا کہ فرد جرم کے وقت ان کے دستخط موجود ہیں، تاہم ملزمان کے دستخط نہیں ہیں۔ ان کے مطابق جس وقت انہوں نے دستخط کیے، ملزمان موجود نہیں تھے، اس لیے ویڈیو ریکارڈنگ منگوائی جائے۔ جسٹس انعام امین منہاس نے ریمارکس دیے کہ ملزمان ویڈیو لنک کے ذریعے موجود تھے اور فرد جرم کے وقت وکیل کی حاضری بھی لگی ہوئی ہے۔ وکیل نے جواب دیا کہ ملزمان کو جیل میں چالان کی نقول فراہم نہیں کی گئیں اور اس حوالے سے بیان حلفی بھی جمع کروایا گیا ہے۔ وکیل نے بتایا کہ انسداد دہشت گردی عدالت میں دائر تمام درخواستیں مسترد کر دی گئیں، ریکارڈ اور کارروائی کی ویڈیو ریکارڈنگ بھی طلب کی گئی تھی۔ انہوں نے دہشت گردی کی دفعات ختم کرنے کی درخواست مسترد ہونے کا حکم بھی چیلنج کر رکھا ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے اپیلوں پر نوٹس جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ آرڈر کرکے آگاہ کریں گے، جبکہ عدالت نے متعلقہ فریقین کے آنے کے بعد معاملہ دیکھنے کا عندیہ دیا۔ دوسری جانب، اڈیالہ جیل میں انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف پیکا ایکٹ اور کار سرکار میں مداخلت کے کیس کی سماعت کی۔ ملزمان کی جانب سے زینب جنجوعہ ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئیں، تاہم انہوں نے اپنا وکالت نامہ واپس لے لیا۔ سماعت کے دوران استغاثہ کے کسی گواہ کا بیان ریکارڈ نہ ہو سکا۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 20 اکتوبر صبح 10 بجے تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 10

اقدامات تیز کرنے پر زور دیا گیا تاکہ اسے جلد از جلد مریضوں کے لیے کھولا جا سکے۔ اس سلسلے میں سابقہ ظفر ایمرجنسی اور مرکزی ایمرجنسی سے طبی آلات کی منتقلی، عملے کی تیاری اور دیگر ضروری انتظامات ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے پر گفتگو ہوئی۔ ڈاکٹروں، نرسوں اور پیرا میڈیکل عملے کی روزانہ منتقلی سرگرمیوں اور ان کی حاضری وار پیش رفت کے جائزے پر بھی زور دیا گیا۔ پمز کے تمام متعلقہ شعبوں میں تعمیراتی کاموں کے جائزے کے لیے پی آئی ڈی ایل ٹیم سے رابطے اور 21 اکتوبر 2026ء تک جائزہ رپورٹس کے حصول پر غور کیا گیا۔ ہیٹنگ، وینٹی لیشن اور ایئر کنڈیشننگ کے کاموں کی پیش رفت اور یکم دسمبر 2026ء کی مقررہ مدت بھی زیر بحث آئی۔ تمام شعبوں میں وینٹی لیٹرز کی فعالیت جانچنے اور ضرورت کے مطابق ترجیحی بنیادوں پر ان کی مرمت، دیکھ بھال یا تبدیلی کے اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ عملے کی شناخت اور انتظامی نظم بہتر بنانے کے لیے دوران ڈیوٹی سرکاری شناختی کارڈ آویزاں کرنے کی فوری اور لازمی پابندی پر زور دیا گیا۔ اسسٹنٹ پروفیسرز، سینئر رجسٹرارز، میڈیکل افسران، نرسنگ و پیرا میڈیکل عملے اور انٹرنیز کے لیے سکربز کی رنگوں پر مبنی یکساں شناختی سکیم تیار کرنے اور نافذ کرنے پر بھی گفتگو ہوئی۔ پمز کی تنظیم نو اور بحالی کے منصوبے کے تحت تمام شعبوں کی جانب سے طبی آلات اور تعمیراتی کاموں کی ضروریات ترجیحی بنیادوں پر جمع کرانے کا معاملہ بھی زیر غور آیا۔ نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے ذریعے پمز کارڈیک سینٹر میں ایک مریض، ایک شناختی نمبر کے پائلٹ منصوبے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، جس کے نفاذ کا ہدف یکم نومبر 2026ء ہے۔ اجلاس میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز پروفیسر ڈاکٹر تنویر خالق، پروفیسر ڈاکٹر بریگیڈیئر عظمت حیات، ڈاکٹر ارم نوید، پروفیسر ڈاکٹر نزہت یاسمین اور ڈاکٹر شائستہ فہیم نے شرکت کی۔ اجلاس میں متعلقہ شعبوں کے سربراہی رابطے، ذمہ داریوں کی بروقت ادائیگی اور مقررہ اہداف کے مطابق پیش رفت کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا تاکہ بحالی کے اقدامات کے ثمرات جلد از جلد مریضوں تک پہنچ سکیں

بقیہ 11

قطر میں 599، عمان میں 578، امریکا میں 141، برطانیہ میں 23، ترکیہ میں 190 پاکستانی جیلوں میں ہیں۔ اس کے علاوہ اٹلی میں 353 ملائیشیا میں 444 یونان میں 516، بھارت میں 738، ایران میں 169، چین میں 625 تھائی لینڈ میں 35، کرغستان میں 91، عراق میں 81، افغانستان میں 91، بحرین میں 218 اور آسٹریلیا میں 27 پاکستانی قیدی جیلوں میں قید ہیں۔

بقیہ 12

چوہدری ساجد حمید ایڈووکیٹ، سابق وائس چیئرمین یونین کونسل چھتر نمبر دو محمد اقبال، مولانا منظر حیات ہارونی، چوہدری ماسٹر صغیر، سینئر صحافی محمود راشد، چوہدری فاروق، چوہدری الطاف، سجاد حنیفا، کونسلر شیخ قدیر، چوہدری عرفان، شفیع کشمیری، اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا چوہدری محمد عزیز مرحوم ایک باصول، نڈر اور بہادر انسان تھے، جو ہر معاملے میں حق اور سچ کا ساتھ دیتے تھے۔ وہ اپنی بات دوٹوک انداز میں اور دوسروں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کرنے کا حوصلہ رکھتے تھے۔ انہوں نے ہمیشہ مہاجرین کے مسائل کو اپنا مسئلہ سمجھا اور ان کے حل، فلاح و بہبود اور حقوق کے لیے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ چوہدری محمد عزیز مرحوم کی زندگی خدمت خلق، ہمدردی اور بے لوث جدوجہد سے عبارت تھی۔ انہوں نے مہاجرین اور انصار کے درمیان ہمیشہ محبت، بھائی چارے اور باہمی تعاون کو فروغ دیا۔ ان کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا اور ان کی شخصیت ہمیشہ اہل علاقہ کے دلوں میں زندہ رہے گی۔ مقررین نے مزید کہا کہ چوہدری محمد عزیز مرحوم کے فرزند اور وائس چیئرمین یونین کونسل چھتر چوہدری الطاف عزیز بھی اپنے والد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے مہاجرین کے مسائل کے حل اور علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔ انہیں امید ہے کہ وہ اپنے والد کی عوامی خدمت کی روایت کو آگے بڑھاتے ہوئے عوامی توقعات پر پورا اتریں گے۔ مقررین نے چوہدری محمد عزیز مرحوم کی سماجی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی وفات ایک ایسا خلا ہے جسے پر کرنا آسان نہیں۔ انہوں نے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔ (فوٹو سیل ہیں)

بقیہ 13

ڈیجیٹل پاکستان کی تشکیل کے لیے ضروری ہے کہ ہر شہری اپنے ڈیجیٹل دفاع کو مضبوط بنائے، ذمہ دارانہ آن لائن رویہ اپنائے اور مالیاتی لین دین کے دوران غیر معمولی احتیاط برتے تاکہ آن لائن دھوکہ دہی، مالیاتی نقصان اور فراڈ کے بڑھتے ہوئے خطرات کا بروقت سدباب کیا جا سکے۔ ترجمان کے مطابق اس مہم کے تحت جاری کردہ تفصیلی آگاہی پیغام میں واضح کیا گیا ہے کہ دور حاضر میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) کی مدد سے ایسی جعلی تصاویر، ویڈیوز اور آڈیوز تیار کی جا رہی ہیں جو بظاہر بالکل اصلی دکھائی دیتی ہیں لیکن درحقیقت وہ من گھڑت ہوتی ہیں، جنہیں ڈیپ فیک کہا جاتا ہے۔ ان ٹیکنالوجیز کو کسی بھی شخص کی شناخت کی نقالی کرنے، جھوٹی خبریں اور گمراہ کن معلومات پھیلانے اور لوگوں کو مالی یا ذاتی سطح پر نقصان پہنچانے کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ اتھارٹی نے عوام کو سختی سے تاکید کی ہے کہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے کسی بھی مشکوک آڈیو، ویڈیو یا تصویر پر فوری طور پر یقین نہ کریں اور نہ ہی تصدیق کے بغیر اسے آگے شیئر کریں۔ شہریوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ کسی بھی حساس معاملے پر سرکاری اور معتبر ذرائع سے معلومات کی تصدیق لازمی بنائیں۔ خاص طور پر اگر کسی ویڈیو یا آڈیو کال کے ذریعے رقوم کی منتقلی، ون ٹائم پاس ورڈ (او ٹی پی) یا حساس ذاتی کوائف کا تقاضا کیا جائے تو ہرگز ایسی معلومات شیئر نہ کریں۔ پی ٹی اے نے اس امر پر زور دیا ہے کہ ڈیجیٹل سکرین پر نظر آنے والی ہر چیز کا حقیقی ہونا ضروری نہیں، اس لئے شہری ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور غیر مصدقہ مواد کو پھیلانے سے مکمل گریز کریں۔ ادارے نے اپنے سلوگن ڈیجیٹل دنیا میں محفوظ قدم کے تحت صارفین کی سہولت اور فوری رہنمائی کے لئے پی ٹی اے ڈیجیٹل اسسٹنٹ کی دستیابی کا بھی اعادہ کیا ہے تاکہ عوام مستند پلیٹ فارم کے ذریعے ٹیلی کام و ڈیجیٹل مسائل پر رہنمائی حاصل کر سکیں۔

بقیہ 14

کی تیاری اور اس کی درستگی کی تصدیق، اور آڈیٹر کے تیار کردہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کا جائزہ لیا جائے گا۔ علاوہ ازیں، آئی پی اوز اور حوالوں کے جائزے اور منظوری سے متعلق ایس ای سی پی کے اندرونی طریقہ کار کی بھی جانچ پڑتال کی جائے گی۔ ایس ای فرانس اینڈ ڈیجیٹل لمیٹڈ کی انکوائری رپورٹ کے نتائج کی روشنی میں مناسب اور درست ڈسکلوزرز، آڈیٹرز و کنسلٹنٹس کی جانب سے فرائض کی بجا آوری، تمام اہم اور حساس معاملات کی بروقت نشاندہی اور رپورٹنگ، اور پی ایس ایکس و ایس ای سی پی کے درمیان کوآرڈینیشن سمیت آئی پی او فریم ورک کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔ ایس ای سی پی کے چیئرمین ڈاکٹر کبیر سدھو نے کہا کہ ہر آئی پی او کے لیے ڈسکلوزرز، شفافیت، جانچ پڑتال اور احتساب کے واضح معیار پر پورا اترنا لازمی ہے۔ خامیوں یا غفلت کے ثبوت ملنے پر سخت کارروائی کی جائے گی اور آئی پی او نظام کی خامیاں دور کی جائیں گی۔ ہمارا مقصد مناسب ڈسکلوزر پر مبنی ایک سخت اور شفاف منظوری کا نظام قائم کرنا ہے جو سرمایہ کاروں کا تحفظ کرے اور سرمایہ کاری کے خواہشمند کاروباروں کی معاونت کرے، تحقیقاتی رپورٹ کے نتائج عام کیے جائیں گے

بقیہ 15

سکتا ہے؟ عدالت نے استفسار کیا کہ خاتون لیکچرر کو استعفیٰ کیوں دیا اور رخصت منظور کرنے والے ذمہ داران کے خلاف یونیورسٹی نے کیا کارروائی کی۔ جسٹس سید حسن اظہر رضوی نے ریمارکس دیے کہ یونیورسٹی نے اسسٹنٹ پروفیسر کی آسامی پر خاتون لیکچرر کو منتخب نہیں کیا بلکہ باہر سے امیدوار بھرتی کر لیا، سرکاری رقم خرچ کرکے خاتون کو پی ایچ ڈی کروائی گئی لیکن اس کے بعد اسسٹنٹ پروفیسر کی آسامی پر کسی دوسرے شخص کو لے آئے۔ عدالت نے یونیورسٹی کے موقف کا جائزہ لینے کے بعد خاتون لیکچرر سیدہ وجیہہ کے حق میں پہلے سے دیا گیا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے یونیورسٹی کی اپیل خارج کر دی

بقیہ 16

یا ایجنٹوں کی جانب سے پھیلائی گئی ہیں۔ اس سڑک کی تعمیر سے آمدورفت میں آسانی پیدا ہوگی اور مقامی آبادی کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہوگا۔ علاقہ مکینوں نے پارلیمانی سیکرٹری چوہدری حیدر سلطان اور ٹوکل پرتن ہر چار ذحاب مسلم لیگ (ن) چوہدری شیراز امین کی کاوشوں کو سراہا ہے اور ان کا شکریہ ادا کیا ہے۔

بقیہ 17

تک کارروائیاں کی ہیں۔ دہشت گردی تمام ممالک کا مشترکہ دشمن ہے، اس کے خاتمے کے لیے بین الاقوامی تعاون کو مضبوط بنانے، انٹیلی جنس معلومات کے تبادلے کو بہتر کرنے اور مشترکہ اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے ایران اور امریکا کے درمیان امن کی کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ مذاکرات میں اعتماد بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ حالیہ علاقائی تنازعات سے یہ سبق ملتا ہے کہ بات چیت کے دروازے کبھی بند نہیں کرنے چاہئیں، مذاکرات کے لیے اعتماد ضروری ہے اور پائیدار امن کے حصول کے لیے تمام متعلقہ فریقوں کی مخلصانہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پاکستان نے خطے میں امن مذاکرات کے لیے اہم کردار ادا کیا ہے اور اس کا مقصد صرف تنازعات شروع ہونے کے بعد انہیں ختم کرانے کی کوشش کرنا نہیں، بلکہ اختلافات کو جنگ میں تبدیل ہونے سے پہلے بات چیت اور تعاون کے ذریعے حل کرنے کے امکانات پیدا کرنا بھی ہے۔ محسن نقوی نے اقوام متحدہ کے امن مشن میں پاکستان کی خدمات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی فوجی اور پولیس اہلکار کئی دہائیوں سے تنازعات سے متاثرہ ممالک میں فرائض انجام دے رہے ہیں۔ ان خدمات کا مقصد شہریوں کا تحفظ، مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں کی معاونت اور امن و استحکام کی بحالی میں مدد دینا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ علاقائی استحکام کے لیے دہشت گردی کے خلاف مشترکہ کوششیں، موثر رابطہ کاری اور سفارتی ذرائع سے مسائل کا حل تلاش کرنا ضروری ہے۔ پاکستان خطے میں کشیدگی کم کرنے اور پائیدار امن کے فروغ کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گا واضح رہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ نے 7 اگست 2026 کو مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے تھے۔ معاہدے کے تحت کسی ایک رکن ملک پر مسلح حملے کو تمام رکن ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا۔

بقیہ 18

پولیو کا آخری کیس دسمبر 2024ء میں رپورٹ ہوا تھا، پولیو ایک لاعلاج مرض ہے تاہم ویکسین کے ذریعے اس سے بچاؤ ممکن ہے۔ نیشنل ای او سی کے مطابق انسداد پولیو کی قومی مہم 2 سے 8 نومبر 2026ء تک منعقد کی جائے گی، کراچی کے تمام اضلاع سمیت ملک کے 97 اضلاع میں انسداد پولیو مہم کا انعقاد ہوگا، 5 سال سے کم عمر 2 کروڑ 39 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ نیشنل ای او سی کے مطابق والدین بچوں کو ہر مہم میں پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں، پولیو ویکسین کے ساتھ حفاظتی ٹیکہ جات کا کورس بھی بروقت مکمل کروائیں

بقیہ 19

نے لائیو سٹاک کے لیے خصوصی بونڈڈ ویئر ہاؤسز میں لائے گئے درآمد شدہ مویشیوں کو ویلیو ایڈیشن کے عمل میں لانے کی ہدایت کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ درآمد شدہ مویشیوں سے بذریعہ ویلیو ایڈیشن گوشت اور دودھ کی مصنوعات برآمد کی جائیں۔

بقیہ 20

مفادات کا ادراک اور مشترکہ فوائد کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان انسداد دہشت گردی، علاقائی سلامتی اور مشرق وسطیٰ کی بدلتی ہوئی صورت حال میں امریکہ کا اہم شراکت دار ثابت ہو سکتا ہے۔ انہوں نے دوطرفہ تعاون مضبوط بنانے، افغانستان سے سرگرم دہشت گرد نیٹ ورکس کے خلاف موثر اشتراک اور جنوبی ایشیا کی سلامتی کے لیے جامع حکمت عملی اپنانے پر زور دیا۔ سردار مسعود خان نے کہا کہ امریکہ پاکستان اور بھارت کے درمیان، بالخصوص مسئلہ جموں و کشمیر پر، مذاکرات میں سہولت کاری کے ذریعے تعمیری کردار ادا کر سکتا ہے۔ ان کے مطابق واشنگٹن کی سفارتی کوششیں دونوں ہمسایہ ممالک کے درمیان پرامن روابط کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہیں۔ معاشی تعلقات کے حوالے سے انہوں نے امریکہ کو پاکستان کی سب سے بڑی برآمدی منڈی قرار دیتے ہوئے ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل خدمات اور کاروباری سرگرمیوں میں تعاون کے وسیع امکانات اجاگر کیے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی کمپنیاں پاکستان میں کامیابی سے کاروبار کر رہی ہیں، جبکہ پاکستانی نژاد امریکی سرمایہ کار رئیل اسٹیٹ، سیاحت اور مالیاتی ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے پاکستان میں ڈیجیٹل شعبے کی تیز رفتار ترقی، موبائل رابطوں، براڈ بینڈ انٹرنیٹ اور ڈیجیٹل لین دین کے فروغ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بڑی تعداد میں فری لانسرز اور ٹیکنالوجی اسٹارٹ اپس کی موجودگی مصنوعی ذہانت، صحت، طبی تشخیص، ڈیجیٹل لاجسٹکس اور دیگر ابھرتے ہوئے شعبوں میں امریکی تعاون کے نئے مواقع فراہم کرتی ہے۔ سابق سفیر نے پاکستان پر زور دیا کہ وہ معاشی اصلاحات، دانشورانہ ملکیت کے تحفظ، تنازعات کے تصفیے کے نظام اور کاروبار کرنے میں آسانی پیدا کرنے کے لیے مزید اقدامات کرے۔ انہوں نے امریکہ سے بھی مطالبہ کیا کہ پاکستانی مصنوعات کے لیے منڈی تک رسائی بڑھائی جائے، ٹیرف اور غیر ٹیرف رکاوٹیں کم کی جائیں، کاروباری اداروں کے درمیان روابط کو فروغ دیا جائے اور ترقیاتی مالیاتی اداروں کے ذریعے قابل عمل سرمایہ کاری منصوبوں کی معاونت کی جائے۔ کثیر الجہتی خدشات کی وضاحت کرتے ہوئے سردار مسعود خان نے کہا کہ اس اتحاد کا مقصد سعودی عرب کو جوہری تحفظ فراہم کرنا یا کسی تیسرے ملک کے لیے خطرہ پیدا کرنا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اختلافات کو باہمی تعاون کی راہ میں رکاوٹ نہیں بننا چاہیے۔ معاشی روابط، ٹیکنالوجی میں شراکت داری اور سفارتی رابطوں کو مضبوط بنا کر پاکستان اور امریکہ اپنے تعلقات کو زیادہ متوازن، مستحکم اور مستقبل کی ضروریات سے ہم آہنگ بنا سکتے ہیں۔

بقیہ 21

چیلنج کی گئی ہیں، جن کے ذریعے درخواست گزار کے بقول ایک غیر آئینی اقدام کو قانونی جواز فراہم کرنے کی کوشش کی گئی۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ آئین کے آرٹیکل 232 کے تحت اندرونی بدامنی کی بنیاد پر ایمرجنسی نافذ کرنے کیلئے متعلقہ صوبائی اسمبلی کی قرارداد ضروری ہے، تاہم خیبر پختونخوا اسمبلی سے ایسی کوئی قرارداد منظور نہیں کی گئی۔ درخواست گزار کے مطابق پارلیمنٹ کی بعد ازاں منظوری ابتدائی آئینی تقاضے کی عدم تکمیل کا ازالہ نہیں کر سکتی۔ درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ ایمرجنسی سے متعلق پارلیمانی قراردادوں اور ان کے نتیجے میں جاری سرکاری اعلامیے کو کالعدم قرار دیا جائے۔ مزید استدعا کی گئی ہے کہ مقدمے کے حتمی فیصلے تک متنازع اعلامیے پر عمل درآمد معطل کر کے متعلقہ حکام کو اس کی بنیاد پر مزید کارروائی سے روکا جائے۔

بقیہ 22

کیس واقعے کی تحقیقات کر رہی ہے۔ گاڑیوں کو جان بوجھ کر نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ گاڑیوں کو نقصان پہنچانے کے پیچھے سیاسی مخالفین ملوث ہیں۔

بقیہ 23

نوش کیا، جن کی عمر 34 سال اور تعلق لاہور سے تھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں موجود دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشنز جاری رہیں گے۔ سکیورٹی فورسز نے جنگ آباد میں دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا۔ سکیورٹی فورسز نے عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔ صدر آصف زرداری نے بلوچستان میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ آصف زرداری نے وطن کے دفاع کیلئے میجر وجاہت وحید کی قربانی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا۔ صدر مملکت نے دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رکھنے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردوں اور سہولت کاروں کی سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے بھی بلوچستان میں دہشتگردوں کیخلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے پسنی میں جام شہادت نوش کرنے والے میجر وجاہت وحید شہید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہید نے ملکی حفاظت کیلئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا، قوم کو بہادر سپوت پر فخر ہے۔ وزیر اعظم نے شہید میجر کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار اور درجات کی بلندی کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ عزم استحکام کے تحت دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھی قلات اور پسنی میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے پسنی میں آئی ای ڈی دھماکے میں جام شہادت نوش کرنے پر میجر وجاہت وحید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ میجر وجاہت وطن عزیز کے امن کیلئے جان نچھاور کرکے ہمیشہ کے لیے امر ہو گئے۔ شہداء کے لہو کا ہر قطرہ وطن کے تحفظ کی ضمانت ہے۔ وہ ہمارے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گے قوم ان کی عظیم قربانی کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔

بقیہ 24

میں مجموعی طور پر 25 افراد کے نام درج ہیں۔ ان میں نیلم سے دو، پونچھ سے 16، سدھنوتی سے چار، باغ سے ایک اور میرپور سے ایک شخص شامل ہے۔ ایک نام کے اندراج میں بھی ضلع پونچھ درج ہے، تاہم فہرست کے تمام اندراجات کی الگ سے تصدیق ضروری ہے اس سے پہلے جون 2026ء میں آزاد کشمیر حکومت کی جانب سے جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کے کارکنوں اور رہنماؤں کو فورتھ شیڈول میں شامل کرنے کی کارروائی سامنے آئی تھی۔ مختلف ذرائع ابلاغ نے اس کارروائی کے تحت 147 افراد کے نام شامل کیے گئے تھے۔ بعد ازاں 10 اگست 2026ء کو مزید 10 افراد کو فورتھ شیڈول میں شامل کیے گئے ۔ اس کے بعد، 10 اکتوبر 2026ء کو جاری ہونے والی فہرست کے مطابق اس میں 21 مزید افراد کا اضافہ کیا گیا، جبکہ نوجوان صحافی رکارکن (کوکب راٹھور) کا نام اس فہرست سے خارج کر دیا گیا فورتھ شیڈول میں نام شامل ہونے کا مطلب بذات خود کسی شخص کو کسی جرم میں سزا یافتہ قرار دینا نہیں ہے۔ متعلقہ قانون اور حکومتی احکامات کے تحت فہرست میں شامل افراد کو نگرانی، پولیس کو رپورٹ کرنے اور نقل و حرکت یا بعض سرگرمیوں سے متعلق پابندیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ان پابندیوں کی نوعیت متعلقہ قانونی حکم اور انفرادی معاملے پر منحصر ہوتی ہے۔ اس کارروائی کے بعد شہری آزادیوں، قانونی طریق کار اور بنیادی حقوق سے متعلق سوالات بھی اہم ہو جاتے ہیں۔ ضروری ہے کہ متعلقہ حکام فیصلے کی قانونی بنیاد، متاثرہ افراد کے لیے دستیاب اپیل یا نظرثانی کے طریق کار اور عائد کردہ پابندیوں کی وضاحت کریں۔

بقیہ 25

علی ناصر رضوی کی زیر صدارت سوشل میڈیا ٹیم سے اہم میٹنگ کا انعقاد ہوا، میٹنگ میں سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر سائبر کرائم سے متعلق جاری عوامی آگاہی مہم کو مزید موثر، فعال اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل نے ہدایت کی کہ سائبر کرائم سے بچاؤ، آن لائن فراڈ، مالیاتی فراڈ، خواتین و بچوں کو ہراساں کرنے اور بلیک میلنگ جیسے جرائم سے متعلق آگاہی ویڈیوز، گرافکس اور معلوماتی مواد زیادہ سے زیادہ تیار کر کے تمام سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر شیئر کیا جائے، تاکہ شہری بروقت آگاہی حاصل کر کے سائبر خطرات سے محفوظ رہ سکیں۔ ڈی جی سید علی ناصر رضوی نے مزید ہدایت کی کہ عوام کی جانب سے فیس بک، ایکس، انسٹاگرام اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر موصول ہونے والی شکایات اور استفسارات پر فوری رسپانس کو یقینی بنایا جائے، کمپلینٹس سیکشن میں عوام کے ساتھ رابطہ مزید مضبوط اور بہتر کیا جائے، انہوں نے مزید کہا کہ NCCIA کا مثبت تشخص اجاگر کرنا، فیک نیوز اور گمراہ کن خبروں کا بروقت تدارک کرنا اور ادارے کی کامیاب کارروائیوں کو بروقت عوام تک پہنچانا ٹیم کی اولین ذمہ داری ہے۔

بقیہ 26

واگزار کرانے کے بعد سیکٹر ای بارہ میں ترقیاتی کام پوری رفتار سے جاری ہیں۔ اربوں روپے کی قیمتی سرکاری اراضی کی واگزاری سے ترقیاتی سرگرمیاں مزید تیزی جاری ہیں جبکہ سیکٹر ای بارہ کے منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے منصوبہ بندی کے تحت بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کے کام میں بھی تیزی لائی جا رہی ہے۔ شہریوں نے غیر قانونی تجاوزات کے خلاف سی ڈی اے کے انفورسمنٹ آپریشن کرنے اور سرکاری اراضی کو واگزار کرانے کی کاوشوں کو سراہا ہے۔ شہریوں نے سیکٹر ای بارہ میں ترقیاتی کاموں کی رفتار پر بھی اطمینان کا اظہار کیا ہے اور اسے وفاقی دارالحکومت کی مسلسل ترقی کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے کہا کہ سی ڈی اے نے 40 سال بعد اربوں روپے مالیت کی قیمتی سرکاری اراضی کو غیر قانونی تجاوزات سے واگزار کرانے کے عمل کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ سیکٹر ای بارہ میں ترقیاتی کاموں کو بروقت اور منظور شدہ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سرکاری اراضی کا تحفظ اور ترقیاتی منصوبوں کی معیاری اور بروقت تکمیل سی ڈی اے کی ترجیحات ہیں

بقیہ 27

جنگلات کے شکایات سیل سے رابطہ کریں۔ جو بھی نقصان جنگل کے حوالے سے جنگلات حکام کو آگاہ کرے گا اس کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا، اور شہریوں کے تعاون سے ایسی کارروائی کو کسی بھی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا سمگلنگ کی کوشش کرنے والوں پر کڑی نظر رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ جنگلات قومی دولت ہیں اور انسانی بقا کے ضامن ہیں، جنگلات جہاں انسانی زندگی کو آکسیجن فراہم کرتے ہیں وہیں زمینی کٹاؤ کو روکنے میں بھی مرکزی کردار ادا کرتے ہیں، جنگلات کا تحفظ محکمہ کے آفیسران و اہلکاران سمیت ہر محب وطن ریاستی کا اولین فرض ہے۔ جنگلات کے قاتل انسانیت کے قاتل ہیں جنہیں کسی صورت معاف نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ جس کو لکڑی کی ضرورت ہو وہ محکمہ جنگلات سے تحت قواعد لکڑی حاصل کر سکتا ہے اور قانونی پراسیس کے تحت لکڑی حاصل کرنے والوں کیلئے ہمارے دروازے ہر وقت کھلے ہیں مگر سمگلنگ کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی اور جو عناصر لکڑی سمگلنگ میں ملوث پائے گئے ان کے خلاف سخت سے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 28

جائے۔ شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہر وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 29

کے جان و مال اور ڈیجیٹل تحفظ کے لیے کوشاں ہے، عوام بلا خوف و خطر اپنی شکایات درج کرائیں، ہر شکایت پر قانون کے مطابق فوری اور شفاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی، شہری کسی بھی سائبر جرم کی اطلاع 1799 پر دیں یا قریبی سرکل میں رپورٹ کریں۔

بقیہ 30

بیرون ملک وظائف سے واپس آنے والے افسران کیلئے لازم ہوگا کہ وہ اپنی جوائننگ رپورٹ کے ساتھ ڈگری سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقل یا سرکاری تعلیمی ٹرانسکرپٹ جمع کرائیں، اگر کوئی افسر کسی معقول اور مصدقہ وجہ کے بغیر اپنی ڈگری جمع کرانے میں ناکام رہتا ہے تو اسے باضابطہ طور پر ڈیوٹی سے غیر حاضر تصور کیا جائے گا۔ اگر کسی غیر ملکی جامعہ کی جانب سے باضابطہ ڈگری کے اجرا میں تاخیر ہو رہی ہو تو افسر کو متعلقہ تعلیمی ادارے کی ایسی قابل تصدیق دستاویزات فراہم کرنا ہوں گی جو اس کی تعلیمی کارکردگی کے تسلی بخش ہونے کی تصدیق کریں اور تاخیر کی قابل جواز وجہ بیان کریں۔ ان دستاویزات کے بغیر افسر کو دوبارہ ڈیوٹی جوائن کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 31

اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 32

اسامہ خان، اسد علی خان، ڈاکٹر ریاض عباسی اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ معیاری اشیائے خورد و نوش اور مستند ادویات کی فراہمی عوامی صحت کے تحفظ کے لیے انتہائی اہم ہے۔ کاروباری حضرات کو چاہیے کہ وہ تجارت میں دیانت داری، شفافیت اور معیار کو اولین ترجیح دیں، تاکہ عوام کا اعتماد بحال رہے اور کاروبار میں برکت پیدا ہو۔ انہوں نے گلف میڈیسن اینڈ ڈیپارٹمنٹل سٹور کے قیام کو باغ کے شہریوں کے لیے ایک مثبت اضافہ قرار دیتے ہوئے منتظمین کو مبارکباد پیش کی اور اس امید کا اظہار کیا کہ ادارہ عوام کو معیاری مصنوعات مناسب نرخوں پر فراہم کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کرے گا۔ تقریب میں صحافیوں، سول سوسائٹی کے نمائندوں، تاجروں اور میڈیکل سٹورز کے مالکان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء نے سٹور کے قیام کو سراہتے ہوئے منتظمین کو مبارکباد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا

بقیہ 33

اداروں کے مابین باہمی تعاون کو فروغ دینا، معیاری تعلیم کے مواقع میں اضافہ کرنا اور طلبہ و اساتذہ کی علمی، تحقیقی اور پیشہ ورانہ ترقی کے لیے مشترکہ اقدامات کرنا ہے۔ مزید برآں اخوت فاؤنڈیشن ہر سال یونیورسٹی آف چکوال کی دو مستحق طالبات کے مکمل تعلیمی اخراجات بھی برداشت کرے گی۔ اس موقع پر دونوں اداروں کے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت یونیورسٹی آف چکوال کے طلبہ کو اخوت کے وسیع سماجی نیٹ ورک کے ذریعے کمیونٹی سروس، فیلڈ ورک، سروے اور تحقیقی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ اس تعاون کے ذریعے طلبہ کو معاشرتی مسائل کو قریب سے سمجھنے، عملی تجربات حاصل کرنے اور اپنی علمی صلاحیتوں کو سماجی ترقی کے لیے بروئے کار لانے میں مدد ملے گی۔ معاہدے میں اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی اہداف (Sustainable Development Goals) کے حصول کے لیے طلبہ کی زیر قیادت سرگرمیوں کو فروغ دینا بھی شامل ہے، جن میں معیاری تعلیم، صنفی مساوات، باعزت روزگار اور عدم مساوات میں کمی جیسے اہم شعبے شامل ہیں۔ اس موقع پر اخوت فاؤنڈیشن کی جانب سے ہر سال یونیورسٹی آف چکوال کی دو مستحق طالبات کے مکمل تعلیمی اخراجات برداشت کرنے کا بھی اعلان کیا گیا۔ اسی طرح شعبہ معاشیات کے طلبہ کو سماجی و معاشی سرگرمیوں سے عملی طور پر روشناس کرانے اور اخوت کے اسلامی مائیکروفنانس اور تعلیمی خدمات کے مختلف پروگراموں میں انٹرن شپ کے مواقع فراہم کرنے کے لیے بھی تعاون کیا جائے گا۔ اس اقدام سے طلبہ کو اپنے تعلیمی علم کو عملی میدان میں بروئے کار لانے اور پیشہ ورانہ مہارتیں بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت یونیورسٹی آف چکوال، اخوت کالج کے اساتذہ اور طلبہ کے لیے خصوصی لیکچرز، تعلیمی و علمی تبادلہ خیال کی نشستوں، معیار تعلیم کی بہتری سے متعلق تربیتی پروگراموں اور پیشہ ورانہ ترقی کی ورکشاپس کا بھی اہتمام کرے گی۔ مزید برآں، دونوں اداروں کے طلبہ و اساتذہ مشترکہ تعلیمی تقریبات، مقابلوں، طلبہ سوسائٹیز، نوجوانوں کی قیادت کے فروغ اور عوامی آگاہی کی سرگرمیوں میں حصہ لیں گے، جبکہ دونوں اداروں میں انٹرن شپ کے مواقع کی فراہمی کے لیے بھی باہمی تعاون کیا جائے گا۔ اخوت فاؤنڈیشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر امجد ثاقب نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی آف چکوال کے ساتھ یہ اشتراک تعلیم کے فروغ، نوجوانوں کی پیشہ ورانہ تربیت اور سماجی خدمت کے دائرہ کار کو وسعت دینے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ دونوں اداروں کے باہمی تعاون سے طلبہ کو عملی تجربات اور کمیونٹی سروس کے موثر مواقع میسر آئیں گے۔ انہوں نے ڈاکٹر فرخ ارسلان صدیقی کی درخواست پر اعلان کیا کہ اخوت فاؤنڈیشن ہر سال یونیورسٹی آف چکوال کی دو مستحق طالبات کے مکمل تعلیمی اخراجات برداشت کرے گی تاکہ خواتین کی تعلیم کے فروغ اور حصول تعلیم میں مالی مشکلات کے خاتمے میں معاونت فراہم کی جا سکے۔ اس موقع پر وائس چانسلر یونیورسٹی آف چکوال پروفیسر ڈاکٹر فرخ ارسلان صدیقی کا کہنا تھا کہ یونیورسٹی آف چکوال معیاری تعلیم، تحقیق اور سماجی ترقی کے فروغ کے لیے دیگر تعلیمی اداروں اور فلاحی تنظیموں کے ساتھ اشتراک عمل کو خصوصی اہمیت دیتی ہے۔ بالخصوص خواتین کی تعلیم و ترقی کے لیے مشترکہ کاوشوں کو ناگزیر سمجھتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اخوت فاؤنڈیشن کے ساتھ یہ اشتراک طلبہ کی عملی تربیت، تحقیقی سرگرمیوں اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کے ساتھ ساتھ علاقائی ترقی میں بھی معاون ثابت ہوگا۔ آخر میں دونوں سربراہان نے اپنے اداروں کی یادگاری شیلڈز بھی پیش کیں

بقیہ 34

سکے۔ اس موقع پر شہریوں کے مسائل فوری طور پر ضابطہ پولیس کے تحت حل کرنے کے لئے احکامات جاری کئے گئے۔ کھلی کچہری کے دوران سائلین کی درخواستیں اور شکایات تفصیل سے سنی گئیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال نے متعلقہ افسران کو ہدایت جاری کی کہ تمام درخواستوں کو قانون اور میرٹ کے مطابق مقررہ وقت میں نمٹایا جائے اور شہریوں کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 35

ہیں، جہاں احتجاجی مظاہرے کے دوران توڑ پھوڑ، آتش زنی اور جھڑپوں کے نتیجے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے سیکڑوں اہلکار زخمی ہوئے جبکہ ہزاروں افراد کو حراست میں لے لیا گیا۔ فرانس میں جاری ان مظاہروں کا آغاز ستمبر کے وسط میں پیرس کے نواحی علاقے میں اساتذہ کی جانب سے عملے کی کمی کے خلاف کی جانے والی ہڑتال سے ہوا تھا، جو دیکھتے ہی دیکھتے ملک بھر میں پھیل گیا اور اس میں مہنگائی، خوراک اور توانائی کی بلند قیمتوں کے خلاف وسیع تر معاشی تحفظات شامل ہو گئے۔ دوسری جانب البانیہ میں بھی حکومت مخالف مظاہروں کا سلسلہ جاری ہے جہاں طلباء اور شہریوں نے وزیر اعظم ایڈی راما کے استعفیٰ کا مطالبہ کرتے ہوئے سڑکوں پر احتجاج کیا۔ دار الحکومت ترانا میں مظاہرین نے پولیس پر پتھراؤ کیا، پیٹرول بم اور آتش بازی کا استعمال کیا جبکہ متعدد سرکاری عمارتوں اور بینکوں کو نذر آتش کر دیا گیا۔ البانوی پولیس نے صورت حال پر قابو پانے کے لیے آنسو گیس اور واٹر کینن کا استعمال کیا اور سیکڑوں افراد کے خلاف فوجداری مقدمات درج کر کے درجنوں مشتبہ افراد کو حراست میں لے لیا ہے، جبکہ وزیر اعظم ایڈی راما نے استعفیٰ دینے سے صاف انکار کرتے ہوئے اپوزیشن پر کشیدگی کو ہوا دینے کا الزام عائد کیا ہے۔ اسی طرح اٹلی کے شہر میلان میں بھی مہنگائی اور جنگ کے خلاف ہونے والے احتجاجی مظاہرے پرتشدد شکل اختیار کر گئے۔ مظاہرین نے دکانوں میں توڑ پھوڑ اور لوٹ مار کی جبکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں پر پتھراؤ کیا گیا۔ اطالوی پولیس نے پرتشدد کارروائیوں میں ملوث درجنوں مظاہرین کو حراست میں لے لیا، جن میں متعدد نابالغ افراد بھی شامل ہیں۔ میلان کے میئر نے شہریوں کے بنیادی مطالبات کے حق کو تسلیم کیا لیکن املاک کو نقصان پہنچانے اور پولیس پر حملوں کی شدید مذمت کی۔ یورپ کے دیگر ممالک جیسے پرتگال، سپین اور یونان میں بھی عوامی مشکلات کے خلاف احتجاج کا سلسلہ جاری ہے۔ پرتگال کے دارالحکومت لزبن اور پورٹو میں مہنگائی اور ہاؤسنگ بحران کے خلاف ہزاروں افراد نے مارچ کیا جبکہ سپین کے دارالحکومت میڈرڈ میں رہائشی اخراجات اور کرایوں میں بے پناہ اضافے کے خلاف شہریوں نے چوکوں پر خیمہ بستیاں آباد کر رکھی ہیں۔ دریں اثنا یونان میں موٹر آئل ریفائنری کے مزدوروں نے کام کے دوران حفاظتی انتظامات بہتر بنانے اور حالیہ حادثات کی شفاف تحقیقات کے لیے احتجاجی مظاہرہ کیا، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پورا خطہ معاشی دباؤ، مہنگائی اور مختلف نوعیت کے سماجی و اقتصادی بحرانوں کی لپیٹ میں ہے۔

بقیہ 36

کو معاشی طور پر کمزور کرنے، ان کے بنیادی حقوق سلب کرنے اور انہیں اپنے ہی وطن میں اجنبی بنانے کی منظم پالیسی کا حصہ ہیں۔ حریت رہنماؤں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے علاقے میں آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی کوششیں اور غیر کشمیریوں کی آباد کاری کے اقدامات مقبوضہ جموں و کشمیر میں مسلمانوں کی اکثریتی حیثیت کو اقلیت میں تبدیل کرنے کے مذموم منصوبے کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ ان اقدامات کا سنجیدگی سے نوٹس لے اور کشمیری عوام کی شناخت، حقوق اور املاک کے تحفظ کے لیے موثر کردار ادا کرے۔

بقیہ 37

کرام، مشائخ عظام تشریف لا رہے ہیں جبکہ مہمان مقرر نوجوان مذہبی اسکالر استاذ العلماء علامہ سید مظہر حسین شاہ کاظمی ضیائی مدرس جامعہ رضویہ ضیاء العلوم خصوصی خطاب کریں گے۔ اس حوالے سے تنظیم علماء ضیاء العلوم کے اراکین نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پیر سید حسین الدین شاہ سلطان پوری کی 75 سالہ دینی، ملی اور تدریسی خدمات ایک قابل فخر اور روشن باب کی حیثیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے اپنی زندگی دین اسلام کی ترویج، دینی علوم کی اشاعت، اصلاح معاشرہ اور نسل نو کی دینی و اخلاقی تربیت کے لیے وقف کیے رکھی۔ ان کی علمی و دینی جدوجہد اور خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا پوری ملت کے لیے باعث سعادت ہے۔ مصلح امت سیمینار کے انعقاد کا مقصد اکابرین دین کی خدمات کو اجاگر کرنا، دینی تعلیمات کی اہمیت کو عام کرنا اور نوجوان نسل کو علم، عمل، کردار سازی اور اصلاح معاشرہ کی جانب راغب کرنا ہے۔ ایسے دینی اجتماعات امت مسلمہ میں اتحاد و اتفاق، دینی شعور اور محبت و اخوت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیمینار میں ملک کے ممتاز مذہبی اسکالر کے خصوصی خطاب کے علاوہ علمائے کرام اور مشائخ عظام کی شرکت سے شرکاء کو علمی و روحانی رہنمائی حاصل ہوگی۔ نعت خواں حضرات بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں نذرانہ عقیدت پیش کریں گے، جبکہ اجتماع میں پیر سید حسین الدین شاہ سلطان پوری کی طویل دینی و تدریسی خدمات کو بھرپور انداز میں خراج تحسین پیش کیا جائے گا۔ علامہ شہزاد احمد قادری ضیائی، مولانا حمزہ احمد قادری ضیائی، مولانا مسعود عزیز قادری ضیائی، مولانا عثمان غنی ضیائی، مولانا قاری شعیب قادری ضیائی، نے اہل علاقہ، علمائے کرام، دینی و سماجی شخصیات اور عوام الناس سے اپیل کی کہ وہ اس عظیم الشان دینی اجتماع میں بھرپور شرکت کریں۔

بقیہ 38

نئی حکومت نے اپنے قیام کے 10 دن کے اندر اندر پی ٹی آئی پر حملہ کیا اور ہمیں اس حکومت کے اولین سیاسی قیدیوں کا درجہ بھی ملا، انہوں نے کہا کہ تھانہ اور جیل میں 24 دن گزارنے کے بعد ہمیں آج بھی اپنے قائد عمران خان کی قیادت جرات استقامت پر بڑا فخر ہے کہ وہ گزشتہ سوا تین سال سے ہر قسم کا جبر نا انصافی زیادتی برداشت کر رہا ہے اور انشاء اللہ ایک نہ ایک دن وہ باعزت باہر آئے گا اور ملک کی تقدیر بدلے گا، خواجہ فاروق احمد نے مظفرآباد جیل میں اپنے 24 دن کی غیر قانونی حراست کے بعد تاثرات جیل اور قیدیوں کے حالات بیان کرتے ہوئے حکومت یا ذمہ داران سے مطالبہ کیا کہ سنٹرل جیل کی جلد از جلد تعمیرات مکمل کی جائیں، ہمارے وقت جیل میں عام اور ایکشن کمیٹی کے ممبران سمیت 265 قیدی تھے جبکہ جیل میں اب 150 قیدیوں کی رہائش گاہ موجود ہے قیدیوں کے سونے کے لیے مطلوبہ رضائیاں کمبل کافی نہیں ایک ایک بیرک میں 40 سے 50 قیدی رکھے جاتے ہیں ڈاکٹر ہفتہ میں صرف ایک دن جیل میں آتے ہیں اور وہ بات نہ ہیں، کوئی قیدی بیمار ہو جائے تو اسے ہسپتال شفٹ کرنے کیلئے مطلوبہ گاڑی نہ ہے، اور نہ ہی گاڑی، پینے کا صاف پانی میسر ہے جس وجہ سے قیدی اکثر بیمار رہتے ہیں مسجد نہ ہے دن کے اوقات میں بھی قیدی اپنی اپنی بیرکس میں نماز ادا کرتے ہیں، جیل کے اندر قیدیوں کو تعلیم، قرآن یا دیگر کوئی ہنر سکھانے کا کوئی انتظام نہ ہے کہ وہ باہر نکل کر معاشرے میں ایک ذمہ دار فرد بن سکیں، رات کا کھانا قیدیوں چار بجے بالٹی میں ڈال کر دیا جاتا ہے اور سردی گرمی میں وہ رات کو جب کھائیں تو ٹھنڈا ہو چکا ہوتا ہے، دن کا کھانا 11 بجے دے دیا جاتا ہے یہ کہا جاتا ہے کہ سٹاف کم ہے شام پانچ بجے سے اگلے دن 7 بجے تک قیدیوں کو بیرکس میں بند کر دیا جاتا ہے، نہ اخبارات نہ ٹی وی اور نہ ہی قیدیوں کو کوئی ہنر سکھانے کا انتظام، ہر ماہ جس ضلع کا سیشن جج اپنے اپنے اضلاع میں جیل کا دورہ کیا کرتا تھا لیکن 5 ماہ سے کوئی ڈسٹرکٹ جج جیل کا دورہ پر نہیں آیا، ہماری درخواست پر سنٹرل بار کا ایک وفد ہماری حراست کے دوران جیل کے دورے پر آیا اور خود قیدیوں کے حالات جیل کی صورت حال کو دیکھ کر گئے، قیدیوں کی ملاقاتوں کا کوئی باوقار انتظام نہ ہے سلاخوں کے پیچھے دونوں طرف سے کھڑے ہو کر ملاقات کرائی جاتی ہے۔ کبھی کسی وزیر جیل خانہ جات، آئی جی جیل خانہ جات نے جیلوں کا دورہ کرنے کی زحمت گوارہ نہ کی ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر جیل کی تعمیر مکمل کی جائے، جیل کی نفری کی کمی کو پورا کیا جائے اور جب ذمہ داران جیلوں کا دورہ کریں گے تو انہیں خود قیدیوں کی صورت حال کا پتہ چلے گا ان قیدیوں کو بڑے دنوں پر دی گئی سزاؤں میں معافی کا بھی کوئی باقاعدہ انتظام نہ ہے آج کے حکمران جیل کو اپنا دوسرا گھر سمجھیں اور جیل کے دورہ کیا کریں کہ کل انہیں کوئی ذاتی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے، انہوں نے کہا کہ وہ اگلے دنوں میں چیف جسٹس اور آئی جی جیل خانہ جات سے اس حوالے سے ملاقات کریں گے اور مسائل سے آگاہ کریں گے۔

بقیہ 39

کے بجائے ٹرانسفارمرز کی سطح پر لوڈشیڈنگ کی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ رات کے وقت دو گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ کر کے صارفین کو فی یونٹ 6 روپے کے اضافی بوجھ سے بچایا گیا۔ ان کے مطابق بجلی کے شعبے میں انتظامی اقدامات کے ذریعے صارفین پر مالی دباؤ کم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک بھر میں نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے حوالے سے پارٹی سطح پر مشاورت جاری ہے۔ مسلم لیگ (ن) جنوبی پنجاب اور بہاولپور صوبوں کے قیام کے لیے اسمبلی میں قراردادیں منظور کروا چکی ہے۔ اویس لغاری نے کہا کہ فاروق احمد خان لغاری ایئرپورٹ گزشتہ پانچ سال سے غیر فعال تھا، وزیر اعظم سے ایئرپورٹ کی توسیع کا منصوبہ منظور کروایا گیا ہے، جس پر ساڑھے 5 ارب روپے لاگت آئے گی۔ انہوں نے بتایا کہ منصوبے کی تکمیل کے بعد ایئرپورٹ کو اگلے سال کے آخر تک بین الاقوامی پروازوں کے لیے آپریشنل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ رن وے کی توسیع کے ساتھ رات کے وقت طیاروں کی لینڈنگ کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔ وفاقی وزیر کے مطابق ایئرپورٹ کی فعالیت سے ڈیرہ غازی خان ڈویژن کے علاوہ قریبی علاقوں اور دیگر صوبوں کے اضلاع کے مسافروں کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ قبل ازیں، وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے ایئرپورٹ کے توسیعی منصوبے کا معائنہ کیا، جہاں پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے حکام نے انہیں منصوبے پر پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی۔ حکام نے بتایا کہ منصوبے کے تحت رن وے کی لمبائی 6 ہزار فٹ سے بڑھا کر 10 ہزار فٹ کی جائے گی، جبکہ اس کی چوڑائی 30 میٹر سے بڑھا کر 45 میٹر کرنے کا کام بھی شامل ہے۔ اس کے علاوہ رات کے وقت طیاروں کی لینڈنگ کے لیے ضروری سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ حکام کے مطابق توسیعی منصوبہ ڈیڑھ سال میں مکمل کرنے کا ہدف ہے۔ منصوبے کی تکمیل سے ایئرپورٹ کی آپریشنل صلاحیت میں اضافہ ہوگا اور علاقے میں فضائی سفری سہولیات بہتر بنانے میں مدد ملے گی

بقیہ 40

میرٹ پر عمل کی جائے، شواہد کی روشنی میں مقدمہ مضبوط بنایا جائے اور جرم ثابت ہونے پر ذمہ داران کو قانون کے مطابق سخت ترین سزا دلوائی جائے، تاکہ آئندہ کوئی معصوم بچی اس طرح کے ظلم کا نشانہ نہ بنے۔ انہوں نے کہا کہ آٹھویں جماعت میں زیر تعلیم بچی کے ساتھ پیش آنے والا یہ افسوسناک واقعہ صرف ایک خاندان کا دکھ نہیں بلکہ پورے معاشرے کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ ایسے جرائم پر خاموشی اختیار کرنا یا متاثرہ بچی کو کسی بھی طرح موردِ الزام ٹھہرانا اس کے زخموں میں مزید اضافہ کرنے کے مترادف ہے۔ قصوروار کو سزا ملنی چاہیے، متاثرہ بچی کو نہیں، اسے خوف، شرمندگی اور تنہائی نہیں بلکہ تحفظ، عزت، محبت اور انصاف ملنا چاہیے۔ متاثرہ بچی سے گفتگو کرتے ہوئے زوبیہ خورشید راجہ نے حوصلہ افزائی کی اور کہا کہ تمہاری کوئی غلطی نہیں، تمہاری عزت نفس، پہچان اور مستقبل اس افسوسناک واقعے سے کہیں بڑھ کر ہیں۔ تمہیں خوف کے سائے میں نہیں بلکہ اعتماد، محبت اور تحفظ کے ماحول میں زندگی گزارنے کا پورا حق حاصل ہے۔ انہوں نے اہل خانہ کو یقین دلایا کہ متاثرہ بچی کے تحفظ، قانونی معاونت اور انصاف کی فراہمی کے لیے ہر ممکن کردار ادا کیا جائے گا۔ زوبیہ خورشید راجہ نے متعلقہ پولیس حکام پر زور دیا کہ تحقیقات مکمل طور پر غیر جانبدارانہ، شفاف اور میرٹ پر کی جائیں، کسی قسم کا دباؤ قبول نہ کیا جائے اور متاثرہ بچی کی شناخت و رازداری کو ہر صورت محفوظ رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں بچوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ایسے واقعات کے خلاف موثر قانونی کارروائی ضروری ہے۔ انصاف ایسا ہونا چاہیے جو متاثرہ خاندان کو اعتماد دے، مظلوم کی آواز بنے اور مجرموں کے لیے واضح پیغام ہو کہ معصوم بچوں کی زندگیوں سے کھیلنے والوں کو قانون کے مطابق جواب دہ ہونا پڑے گا۔

بقیہ 41

ہیں۔ جامعہ العلوم الاسلامیہ ٹاؤ جیسے اداروں کی سرپرستی اور حوصلہ افزائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سردار عتیق احمد خان نے کہا کہ تعلیم محض ڈگری حاصل کرنے کا نام نہیں بلکہ یہ انسان کی شخصیت سنوارنے، کردار تعمیر کرنے اور معاشرے کو مثبت سمت دینے کا ذریعہ ہے۔ دینی علوم سے وابستگی جہاں ایمان و اخلاق کو مضبوط کرتی ہے، وہیں عصری تعلیم نوجوانوں کو دور حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں مدد دیتی ہے۔ دونوں شعبوں میں توازن قائم کر کے ہی نسل کی بہتر تربیت کی جا سکتی ہے۔ دریں اثنا سردار عتیق احمد خان نے باغ میں مسلم کانفرنس کے رہنما چوہدری بشیر احمد کی وفات پر ان کے گھر جا کر اہل خانہ اور لواحقین سے تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحوم کے لیے دعائے مغفرت، بلندی درجات اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 42

خان اور جج سپریم کورٹ جسٹس خالد یوسف چوہدری کے ہمراہ میرپور میں سابق بیوروکریٹ راجہ عارف کی رہائش گاہ پر جا کر ان کی ہمشیرہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کی اور مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے دعا کی۔ چیف جسٹس سپریم کورٹ آزاد جموں و کشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان نے سینئر جج سپریم کورٹ جسٹس رضا علی خان اور جج سپریم کورٹ جسٹس خالد یوسف چوہدری نے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت، بلندی درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 43

ن اور جج سپریم کورٹ جسٹس خالد یوسف چوہدری کے ہمراہ ملیجی میں سابق اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل راجہ احمد سعد ایڈووکیٹ کے گھر جا کر ان کے والد محترم، سابق ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر راجہ صغیر احمد خان کی وفات پر فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر معزز ججز نے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے دعا کی اور سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت، بلندی درجات اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 44

حوالے سے رہنمائی دی گئی۔ کیمپ کے دوران مجموعی طور پر کلسٹر بم، بارودی سرنگوں اور ان پھٹے گولہ بارود سے متاثرہ افراد سمیت درجنوں جسمانی معذور افراد کا مفت طبی معائنہ، فالو اپ، فزیوتھراپی سے متعلق رہنمائی اور معاون آلات کے لیے رجسٹریشن کی گئی۔ پروگرام کے فوکل پرسن ناصر بخاری کے مطابق ان کیمپس کا بنیادی مقصد بارودی سرنگوں اور جنگی باقیات سے متاثرہ افراد کی بحالی اور انہیں دوبارہ باعزت اور فعال زندگی کی طرف لانا ہے۔ متاثرہ افراد کی بحالی ہماری اولین ترجیح ہے۔ MPRC میں ان تمام افراد کا مفت علاج، مصنوعی اعضاء کی فراہمی اور فزیو تھراپی جاری رکھی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کیمپ کے ساتھ ساتھ سکولوں، مدارس اور کمیونٹی سطح پر آگاہی سیشنز جاری رہے تاکہ شہری خصوصاً بچے اور خواتین محفوظ رویے اپنا کر حادثات سے بچ سکیں۔ کیمپ میں آنے والے مریضوں اور مقامی قائدین نے MPRC، پاکستان ہلال احمر، ICRC اور محکمہ صحت آزاد کشمیر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے فری کیمپس دور دراز علاقوں کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں۔

Scanned with CamScanner

آزاد کشمیر میں مزید 25 افراد کے نام فورتھ شیڈول میں شامل، صحافی کو کب رائٹھور فہرست سے خارج

نیلم دو، پونچھ 16، سدھنوتی چار، باغ ایک اور میرپور سے ایک شخص شامل، فہرست کے تمام اندراجات کی الگ الگ تصدیق

فورتھ شیڈول میں نام شامل افراد کو نگرانی، پولیس کو رپورٹ کرنے اور نقل و حرکت یا بعض سرگرمیوں سے متعلق پابندیوں کا سامنا

مظفرآباد (سباح نیوز) آزاد جموں و کشمیر کے محکمہ داخلہ نے جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی سے وابستہ مزید 25 افراد کو فورتھ شیڈول میں شامل کرنے کی منظوری دے دی۔ 16 اکتوبر 2026 کو جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق فہرست میں نیلم، پونچھ، سدھنوتی، باغ اور میرپور سے تعلق رکھنے والے افراد کے نام شامل ہیں۔ محکمہ داخلہ کے نوٹیفکیشن نمبر Home/P-IV(8)HS-FS-4/2026 کے مطابق یہ منظوری آزاد جموں و کشمیر کابینہ کے 5 جون 2026 کو ہونے والے 41 ویں اجلاس کے فیصلے کی روشنی میں اندرونِ دہشت گردی ایکٹ 2014ء کی دفعہ 16(1) کے تحت دی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن میں متعلقہ افراد کو جموں و کشمیر جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی (JK-JAAC) کے کارکن قرار دیا گیا ہے۔ جبکہ نوٹیفکیشن میں بیان کردہ قانون کی دفعہ 12 کے تحت کالعدم تنظیم لکھا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے ساتھ منسلک فہرست (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پنجاب کابینہ کے 37 ویں اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ڈی جی این سی سی آئی اے کی کھلی کچہری

عوام کے سائبر مسائل سننے کے بعد متعلقہ افسران کو کارروائی کے احکامات جاری

نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی کی اولین ترجیح ہے، ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ڈی جی این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی نے کھلی کچہری کے دوران عوام کے سائبر مسائل سننے کے بعد متعلقہ افسران کو کارروائی کے احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری میں آن لائن فراڈ، ہراسانی، بلیک میلنگ، سوشل میڈیا ہیکنگ اور مالیاتی فراڈ سے متعلق شکایات پیش کی گئیں۔ ڈی جی این سی سی آئی اے نے شہریوں کی شکایات پر موقع پر ہی متعلقہ افسران کو کارروائی کے احکامات جاری کیے اور کہا کہ عوام کو فوری انصاف کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔ اس موقع پر ڈی جی سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ این سی سی آئی اے شہریوں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

راست ڈائریکٹر جنرل کو شکایت بھیجی جاب سے آن لائن فراڈ، ہراسانی، بلیک میلنگ، سوشل میڈیا ہیکنگ اور مالیاتی فراڈ سے متعلق شکایات پیش کی گئیں۔ ڈی جی این سی سی آئی اے نے شہریوں کی شکایات پر موقع پر ہی متعلقہ افسران کو کارروائی کے احکامات جاری کیے اور کہا کہ عوام کو فوری انصاف کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔ اس موقع پر ڈی جی سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ این سی سی آئی اے شہریوں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

راولپنڈی، 2 منشیات پیڈلر گرفتار، 3 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 2 منشیات پیڈلر گرفتار کر کے 3 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے منشیات پیڈلر کو حراست میں لے کر 1 کلو 600 گرام چرس برآمد کی۔ آر اے بازار پولیس نے منشیات پیڈلر کو حراست میں لے کر 1 کلو 420 گرام چرس برآمد کی۔ ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

اسلام آباد: عائشہ رسول اور دیگر شرکا ماڈی فائڈ سٹیل ٹریننگ پروگرام کے زیر اہتمام اسلام آباد میں شریک ہیں

کوہالہ محکمہ جنگلات کی کارروائی، دیودار کی لکڑی سے بھری ہائی ایس گاڑی ضبط

گاڑی سے لکڑی کے 32 سلیپرز برآمد ہوئے، ضبط شدہ گاڑی اور لکڑی محکمہ جنگلات کے مرکزی دفتر منتقل کر دی گئی

جنگلات قومی دولت ہیں، نقصان پہنچانے والے رعایت کے مستحق نہیں، غیر قانونی سمگلنگ نہیں کرنے دی جائیگی، ناظم جنگلات

مظفرآباد (بیورو رپورٹ) کوہالہ کے مقام پر محکمہ جنگلات نے کارروائی کرتے ہوئے دیودار کی لکڑی سے لدی ہائی ایس گاڑی ضبط کر لی۔ ڈی ایف او توصیف میر کی سربراہی میں ٹیم کی کی گئی کارروائی کے دوران گاڑی سے لکڑی کے 32 سلیپرز برآمد ہوئے۔ ضبط شدہ گاڑی اور لکڑی محکمہ جنگلات کے مرکزی دفتر منتقل کر دی گئی۔ ناظم جنگلات مظفرآباد سرکل میر نصیر احمد کی زیر نگرانی کوہالہ کے مقام پر کامیاب کارروائی کے بعد میڈیا نمائندگان سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جنگلات قومی دولت ہیں، ان کو نقصان پہنچانے والے کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)



اسلام آباد: عائشہ رسول اور دیگر شرکا ماڈی فائڈ سٹیل ٹریننگ پروگرام کے زیر اہتمام اسلام آباد میں شریک ہیں

طالبہ زیادتی واقعہ افسوسناک، گرفتار ملزمان کو سخت سزا دی جائے، زوبیہ خورشید

ساہلیاں دھیرکوٹ واقعہ نے معاشرہ کے ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا، متاثرہ بچی اور اسکے اہلخانہ سے ملاقات، یکجہتی کا اظہار

متاثرہ بچی کے تحفظ، قانونی معاونت اور انصاف کی فراہمی کیلئے ہر ممکن کردار ادا کیا جائے گا، سردار رفاقت عباسی سے ملاقات

باغ (اسٹاف رپورٹر) ساہلیاں دھیرکوٹ میں آٹھویں جماعت کی کم عمر طالبہ کے ساتھ مبینہ زیادتی کے افسوسناک واقعے نے معاشرے کے ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا، ممبر قانون ساز اسمبلی آزاد جموں و کشمیر زوبیہ خورشید رابہ نے ڈی ایس پی دھیرکوٹ رابعہ انصار اور ایس ایچ او تھانہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

پولیس ساہلیاں سردار رفاقت عباسی سے ملاقات کر کے تفیس کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ انہوں نے متاثرہ بچی اور اس کے اہل خانہ سے بھی ملاقات کی اور مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے یقین دلایا کہ اس مشکل وقت میں انہیں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ زوبیہ خورشید رابہ نے کہا کہ معصوم بچوں کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، ظلم و بربریت کے ساتھ ایسا مہینہ سنگین جرم کرنے والوں کو قانون کے کٹہرے میں لا کر قرار واقعی سزا دلانا ناگزیر ہے۔ ملزمان کی گرفتاری اہم پیش رفت ہے، تاہم انصاف کا تقاضا ہے کہ تفتیش (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

چیف جسٹس کی راجہ صغیر احمد خان کی وفات پر فاتحہ خوانی

میرپور (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس سپریم کورٹ آزاد جموں و کشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان نے بینچ نے سابق جج راجہ صغیر احمد خان کی وفات پر فاتحہ خوانی کی۔